★ ABC CERTIFIED ★

Member APNS

روزنامہ

تعمیر وطن کوئٹہ

Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر27......شمارہ نمبر311 بروز ہفتہ 8 اگست 2026ء 23 صفر 1448ھ...... قیمت 7 روپے (صفحات 8) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان...... ایڈیٹر: ایم ایس خان

نوشکی، سیکورٹی فورسز نے 2 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا

کوئٹہ (آن لائن) سیکورٹی فورسز کے عملے نے نوشکی کے علاقے میں سلطان چڑھائی کے قریب دہشت گردی کا منصوبہ ناکام بناتے ہوئے 2 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا سیکورٹی ذرائع کے مطابق گزشتہ روز سیکورٹی فورسز کے قافلے کو نشانہ بنانے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے سلطان چڑھائی کے قریب کارروائی کرتے ہوئے 2 حملہ آور دہشت گردوں کو ہلاک کردیا مزید کارروائی سیکورٹی فورسز کا عملہ کررہا ہے۔

پنجگور، ایک نامعلوم شخص کی نعش ملی جس کو ہسپتال منتقل کردیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) پنجگور کے علاقے سے ایک نامعلوم شخص کی نعش ملی جس کو ہسپتال منتقل کردیا گیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز پنجگور کے علاقے گوارگو سے ایک نامعلوم شخص کی نعش ملی جس کو فائرنگ کرکے قتل کیا گیا تھا نعش ہسپتال منتقل کردی گئی جس کو ضروری کارروائی کے بعد شناخت کے لئے مردہ خانے میں رکھ دیا گیا مزید کارروائی پنجگور پولیس کررہی ہے۔

وزیراعظم شہباز شریف اور پاکستانی وفد کی مکہ مکرمہ میں عمرہ کی سعادت

مکہ مکرمہ (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اعلیٰ سطح کے پاکستانی وفد کے ہمراہ مکہ مکرمہ میں عمرہ ادا کیا۔ وفد میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز سید عاصم منیر، وفاقی وزیر دفاع (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

ایران جنگ جلد ختم ہوجائے گی، آبنائے ہرمز کھولنے کے عبوری معاہدے کے امکانات روشن، صدر ٹرمپ کا دعویٰ

واشنگٹن (آن لائن) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ جاری جنگ بہت جلد اپنے اختتام کو پہنچ سکتی ہے، جبکہ امریکا، ایران اور عمان کے درمیان آبنائے ہرمز کو دوبارہ بحری آمدورفت کے لیے کھولنے سے متعلق عبوری معاہدے کے امکانات بھی روشن (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک قوم اپنی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے، طارق فضل چوہدری

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے جنوبی وزیرستان اور ضلع دیر میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں کو سراہتے ہوئے فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے خلاف مؤثر آپریشن پر فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

(ن) لیگ کی مظفرآباد میں حکومت بنانے کی غلط فہمی ہے، اسلام آباد میں بھی الٹی گنتی شروع ہوچکی، اصل لڑائی اسلام آباد اور لاہور کی ہے، وزیراعظم شہباز شریف سے ہماری کوئی لڑائی نہیں

نظام ناکام نہیں ناکام کروایا گیا ہے، جب تک عوام کی حاکمیت تسلیم نہیں کریں گے تب تک سسٹم نہیں چل پائیگا

بلاول بھٹو زرداری

موجودہ صورتحال پر ہر کشمیری کا دل دکھی، ہر پاکستانی پریشان، ایک طرف سیکیورٹی اداروں کے اہلکار شہید ہورہے ہیں، دوسری جانب کشمیریوں کا خون بہہ رہا ہے، انتخابی جلسہ عام سے خطاب

باغ (آن لائن) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی مذاکرات اور بات چیت پر یقین رکھتی ہے، مسائل کا حل صرف مذاکرات اور مفاہمت کے ذریعے ہی ممکن ہے، مسلم لیگ (ن) کی یہ غلط فہمی ہے کہ وہ مظفرآباد میں حکومت بنالے گی، اسلام آباد میں بھی ن لیگ کی الٹی گنتی شروع ہوچکی ہے۔ آزاد کشمیر کے ضلع باغ میں انتخابی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے ابتداہی سے موقف اپنایا ہے کہ تمام مسائل کا حل مذاکرات کے ذریعے نکالا جاسکتا ہے، جبکہ جج اور مفاہمت کمیشن بھی اس سلسلے میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر کی موجودہ صورتحال پر ہر کشمیری کا دل دکھی اور ہر پاکستانی پریشان ہے، ایک طرف سیکیورٹی (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

مکہ مکرمہ: سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان، ترک صدر رجب طیب اردوان اور شہباز شریف کہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر کے بعد دستاویزات دکھا رہے ہیں

مقصد تینوں ممالک کی اجتماعی سلامتی کو مضبوط بنانا اور علاقائی امن واستحکام کو فروغ دینا ہے، وزیراعظم شہباز شریف، سعودی ولی عہد محمد بن سلمان اور ترک صدر رجب طیب اردوان نے مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کیے

معاہدے کے تحت کسی بھی ایک ملک پر مسلح حملہ تینوں ممالک پر حملہ تصور کیا جائے گا، جبکہ سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ نے کسی بھی جارحیت کے خلاف اپنی اجتماعی دفاعی صلاحیت مضبوط بنانے پر اتفاق بھی کیا ہے، ترجمان دفتر خارجہ

ایک ملک پر حملہ تینوں پر حملہ تصور ہوگا

سعودیہ، پاکستان اور ترکیہ کے درمیان سہ فریقی دفاعی معاہدہ

مکہ مکرمہ میں ہونے والے اجلاس سے سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ کے درمیان دفاعی شراکت داری کے نئے دور کا آغاز ہوا ہے۔ معاہدہ محفوظ اور خوشحال مستقبل کیلئے تینوں ممالک کے مشترکہ وژن کی عکاسی کرتا ہے، طاہر اندرابی

مکہ مکرمہ (آن لائن) مکہ مکرمہ میں سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ کے درمیان تاریخی مشترکہ دفاعی معاہدہ طے پا گیا ہے، جس کا مقصد تینوں ممالک کی اجتماعی سلامتی کو مضبوط بنانا اور علاقائی امن واستحکام کو فروغ دینا ہے، وزیراعظم شہباز شریف، سعودی ولی عہد محمد بن سلمان اور ترک صدر رجب طیب اردوان نے مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کیے، معاہدے کے تحت کسی بھی ایک ملک پر مسلح حملہ تینوں ممالک پر حملہ تصور کیا جائے گا، جبکہ سعودی عرب، پاکستان اور تر (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال کی زیرصدارت قومی پرائس مانیٹرنگ کمیٹی کا اجلاس

جولائی میں مہنگائی 11.1 فیصد سے کم ہوکر 9.2 فیصد ہوگئی، قومی پرائس مانیٹرنگ کمیٹی

اسلام آباد (آن لائن) وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال کی زیرصدارت قومی پرائس مانیٹرنگ کمیٹی کا اجلاس ہوا، جس میں ملک میں مہنگائی، اشیائے ضروریہ کی قیمتوں اور غذائی اشیا کے معیار کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ جولائی میں مہنگائی کی شرح 11.1 فیصد سے کم ہوکر 9.2 فیصد ہوگئی، چینی، آلو اور مرغی کی قیمتوں میں کمی کو مہنگائی میں (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

جھل مگسی نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے مسجد کے پیش امام کو قتل کردیا

کوئٹہ (آن لائن) جھل مگسی کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے مسجد کے پیش امام کو قتل کردیا اور فرار ہوگئے۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز جھل مگسی کے علاقے رانجھ محمدانی میں نامعلوم افراد نے مسجد کے پیش امام غاز (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

وڈھ، ٹریفک حادثہ 4 افراد جاں بحق 3 افراد شدید زخمی

زخمیوں میں دو افراد ڈیرہ غازیخان اور ایک کا تعلق کوئٹہ سے ہے

خضدار (آن لائن) وڈھ بازار کے قریب ٹریفک کا المناک حادثہ دو مزدا ٹرک گاڑیاں موٹر سائیکل سوار کو بچاتے ہوئے الٹ گئے چار افراد جاں بحق تین افراد شدید زخمی۔ تفصیلات کے مطابق وڈھ بازار کے قریب مچھکی پہاڑ نزد زیر تعمیر وڈھ یونیورسٹی میں آر سی ڈی روڈ پر دو مزدا گاڑیاں موٹر سائیکل سوار افراد کو بچاتے ہوئے حادثے کا شکار ہوگئے حادثے (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

تربت پولیس نے غیر قانونی طور پر رہائش پذیر 22 افغان باشندوں کو گرفتار کرلیا

کوئٹہ (آن لائن) تربت پولیس نے غیر قانونی طور پر رہائش پذیر 22 افغان باشندوں کو گرفتار کرلیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز نجی مسافر کوچ کے ذریعے کوئٹہ سے تربت آنے والے مسافروں کی آڑ میں 2 کارروائیوں کے دوران مسافر کوچ اور ایک گاڑی سے 22 افغان (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

بلوچستان کو پٹرولیم مصنوعات پر بھتہ نامنظور ہے، جماعت اسلامی

عوام بے روزگاری وغربت اور بارڈرز بندش کی وجہ سے بھوک سے مر رہے ہیں

کچھ مقامات پر انتظامیہ و پولیس نے لاٹھی چارج وگرفتاریاں اور مقدمات درج کیے گئے

کوئٹہ (آن لائن) پٹرولیم مصنوعات پر بھتہ خوری، بدامنی، بدعنوانی، بارڈرز بندش، لاپتہ افراد کی عدم بازیابی، فورسز کے غلط رویے کے خلاف بلوچستان بھر میں 21 مقامات پر اہم قومی شاہراہوں پر ٹریفک کی آمدورفت بند رہی۔ مختلف اضلاع میں جماعت اسلامی کے شرکاء نے قومی شاہراہ کوئٹہ کراچی این 25 مستونگ، قلات، خضدار، (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

مکہ مکرمہ: ترک صدر رجب طیب اردوان، سعودی ولی عہد محمد بن سلمان اور وزیراعظم شہباز شریف کہ میں سہ جانبہ دفاعی معاہدہ پر دستخط کررہے ہیں

پرنٹ میڈیا کے تحفظ کے لیے آئینی وضاحت طلب، پالیسی پر عملدرآمد عارضی طور پر روک کر تمام اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کا مطالبہ

میڈیا پالیسی 2023 نظرثانی 2026 پر ڈی جی پی آر بلوچستان کو قانونی نوٹس ارسال

علاقائی اخبارات، صحافتی تنظیموں، ڈیجیٹل میڈیا نمائندوں، فری لانس صحافیوں، قانونی ماہرین اور سرکاری اداروں پر مشتمل نمائندہ مشاورتی کمیٹی تشکیل دی جائے

آرٹیکل 19، 19 اے، بلوچستان ٹرانسپیرنسی اینڈ رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ 2021 اور دیگر متعلقہ قوانین کے تحت متعدد نکات پر مصدقہ ریکارڈ اور قانونی وضاحت طلب

کوئٹہ (آن لائن) بلوچی، براہوی، پشتو پرنٹ میڈیا کے صدر انور شاہ کی جانب سے ایڈوکیٹ صادق خلجی کے ذریعے ڈائریکٹر جنرل محکمہ تعلقات عامہ بلوچستان کو میڈیا پالیسی 2023 نظرثانی (2026) کے نفاذ، حکومتی اشتہارات کی تقسیم، بجٹ، ڈیجیٹل میڈیا فنڈز، فری لانس صحافیوں کے تحفظ اور مبینہ انتظامی و مالی بے ضابطگیوں سے متعلق ایک تفصیلی قانونی نوٹس ارسال کیا گیا ہے۔ نوٹس میں آئین پاکستان کے آرٹیکل 19، 19- اے، بلوچستان ٹرانسپیرنسی اینڈ رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ 2021 اور دیگر متعلقہ قوانین کے تحت متعدد نکات (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

اسلام آباد: بیلاروس کے سفیر وفاقی وزیرتجارت جام کمال خان سے ملاقات کررہے ہیں

کسی مائی کے لعل کو عوام کا مینڈیٹ چھیننے نہیں دیں گے، مسلم لیگ (ن) کی قیادت ہمیشہ کشمیریوں کے ساتھ کھڑی رہی ہے

آزاد کشمیر میں ن لیگ حکومت بنانے کی پوزیشن میں آچکی ہے، رانا ثناء اللہ، امیر مقام

پاکستانیوں کا دل کشمیریوں کے ساتھ دھڑکتا ہے، پاکستان کشمیر کے بغیر نامکمل ہے، ہم کشمیر کے ہیں اور کشمیر ہمارا ہے، جلسہ سے خطاب

حویلی (آن لائن) وزیراعظم کے مشیر رانا ثناء اللہ اور وفاقی وزیر امور کشمیر امیر مقام نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر میں حکومت بنانے کی پوزیشن میں آچکی ہے، کسی مائی کے لعل کو عوام کا مینڈیٹ چھیننے نہیں دیں گے۔ حویلی میں انتخابی جلسے سے خطاب کرتے (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

کمشنر مکران قادر بخش پرکانی ٹیچنگ ہسپتال تربت میں سٹریٹ لائٹس کا افتتاح کررہے ہیں

ملک میں چھوٹے سولر صارفین کے لیے بڑی سہولت متعارف کرادی گئی

چھوٹے سولر صارفین کیلئے بڑی سہولت، 25 کلوواٹ تک سولر سسٹم پر نیپرا اجازت لازمی نہیں

اسلام آباد (آن لائن) ملک میں چھوٹے سولر صارفین کے لیے بڑی سہولت متعارف کرادی گئی ہے۔ نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے سولر ریگولیشنز 2026 میں ترمیم کرتے ہوئے نیا نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق 25 کلوواٹ تک بجلی پیدا (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

میجر طفیل محمد شہید نشان حیدر کی 68ویں برسی، صدر زرداری کا شاندار خراج عقیدت

اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری نے میجر طفیل محمد شہید، نشان حیدر کی 68ویں برسی پر انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ صدر مملکت نے کہا (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

خیبرپختونخوا، سیکورٹی فورسز کی دو الگ الگ کارروائیاں، 10 خوارج ہلاک

عزم استحکام" کے تحت انسداد دہشت گردی کی مہم پوری رفتار سے جاری رکھیں گے، آئی ایس پی آر

پشاور (آن لائن) خیبرپختونخوا میں سیکیورٹی فورسز کی دو الگ الگ کارروائیوں کے دوران بھارتی حمایت یافتہ دہشت گرد گروہ "فتنہ الخوارج" سے تعلق رکھنے والے دس خوارج ہلاک ہوگئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے 6 اگست کو پہلے واقعے میں، جنو (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

تاریخی دفاعی معاہدے سے قبل پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے رہنماؤں کی نماز جمعہ میں شرکت

مکہ مکرمہ (آن لائن) پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان تاریخی مشترکہ دفاعی معاہدے سے قبل تینوں ممالک کی قیا (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

مہنگائی کی شرح میں معمولی اضافہ، ایک ہفتے میں 20 اشیائے ضروریہ مہنگی

ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی 0.28 فیصد بڑھ گئی، سالانہ شرح 9.29 فیصد ریکارڈ

اسلام آباد (آن لائن) ملک میں مہنگائی کا دباؤ برقرار ہے، جہاں ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی کی شرح میں 0.28 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، جبکہ سالانہ بنیادوں پر مہنگائی (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

بلوچستان میں شرح خواندگی میں 7 فیصد اضافہ، 7 لاکھ 68 ہزار بچے دوبارہ اسکولوں میں داخل، جعفرخان مندوخیل

دس دانش اسکولوں کا قیام تعلیمی انقلاب کی بنیاد بنے گا، گورنر بلوچستان

کوئٹہ شہر کے مضافات میں کچھ روڈ کے قریب ایک ہزار بیڈز پر مشتمل جدید ہسپتال اور ایک ٹیکنیکل یونیورسٹی قائم کی جائے

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ صوبے کی مجموعی شرح خواندگی میں 7% فیصد اضافہ اور سات لاکھ اڑسٹھ ہزار بچوں کو دوبارہ اسکولوں میں واپس لانا محکمہ تعلیم بلوچستان کی ایک قابل فخر کامیابی ہے۔ وزیراعظم پاکستان کے تعلیمی پروگرام کے تحت صوبہ بھر میں دس دانش اسکولوں کے قیام سے تعلیمی انقلاب برپا ہوجائیگا جس سے بڑے پیمانے پر معیاری تعلیم کے فروغ اور نوجوان نسل کے روشن مستقبل کی (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

پاکستان اور ایران میں توانائی تعاون بڑھانے پر اتفاق

دوسری ٹرانسمیشن لائن پر جلد کام شروع ہوگا، اویس لغاری

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری سے ایران کے سفیر ڈاکٹر رضا امیری مقدم نے ملاقات کی، جس میں پاکستان اور ایران کے درمیان توانائی، (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

پاکستان اور بیلاروس کے درمیان تجارت صنعتی تعاون بڑھانے پر اتفاق

جام کمال خان اور بیلاروس کے سفیر کی ملاقات، مشترکہ وزارتی کمیشن کے آئندہ اجلاس

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اور پاکستان میں بیلاروس کے سفیر آندرے میٹیلیتسا کے درمیان ملاقات میں دونوں ممالک نے تجارت، سرمایہ کاری، صنعتی تعاون اور افرادی قوت کے شعبوں میں شراکت داری کو مزید وسعت دینے پر اتفاق کیا۔ ملاقات میں آئندہ پاکستان۔ بیلاروس مشترکہ وزارتی کمیشن (JMC) کے اجلاس کی تیاریوں کا بھی جائزہ لیا گیا، جبکہ دوطرفہ اقتصادی تعاون کو نئی جہت دینے کے لیے مختلف شعبوں میں عملی اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے کہا کہ وزیراعظم (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

پاکستان ورچوئل اثاثہ جات کیلئے مکمل لائسنسنگ نظام کے قریب پہنچ گیا، پیوارا کا اہم اجلاس

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان ورچوئل اثاثہ جات کے شعبے کو جدید، شفاف اور عالمی معیار سے ہم آہنگ ریگولیٹری نظام فراہم کر (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

سپریم کورٹ میں جسٹس مسرت ہلالی کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر فل کورٹ ریفرنس کا انعقاد

اسلام آباد (آن لائن) سپریم کورٹ میں جسٹس مسرت ہلالی کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر فل کورٹ ریفرنس منعقد ہوا۔ چیف جسٹس آف پاکستان کی زیرصدارت ہونے والے (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

براڈ پیک سانحہ، جاں بحق کوہ پیماؤں کی میتیں اسلام آباد پہنچ گئیں

اسلام آباد (آن لائن) دنیا کی بلند ترین چوٹیوں میں شامل براڈ پیک پر پیش (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

الیکشن کمیشن نے اراکین پارلیمنٹ کو اثاثوں کی تفصیلات 31 دسمبر تک جمع کرانے کی ہدایت

اسلام آباد (آن لائن) الیکشن کمیشن نے اراکین پارلیمنٹ کو اثاثوں کی تفصیلات 31 دسمبر تک جمع کرانے کی ہدایت کردی۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان نے اراکین پارلیمنٹ (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

ڈپٹی کمشنر لورالائی، کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی زیر صدارت اجلاس

یوریا کھاد کی فروخت، نقل وحمل اور ترسیل پر عائد پابندی پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنانے کی ہدایت

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی، کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی زیر صدارت ضلعی انٹیلی جنس رابطہ کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایس ایس پی ڈاکٹر فہد احمد، میجر کامران، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد اسماعیل مینگل، انٹیلی جنس اداروں اور دیگر قانون نافذ کرنے والے سیکیورٹی اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع کی مجموعی امن و امان کی صورتحال، سیکیورٹی خدشات، حساس سرکاری تنصیبات کے تحفظ اور آئندہ قومی ایام کے موقع پر حفاظتی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ انٹیلی جنس اداروں نے ممکنہ خطرات سے متعلق تازہ ترین رپورٹ پیش کی

باہمی اتحاد، دفاعی تعاون، اقتصادی شراکت داری اور مشترکہ چیلنجز سے نمٹنے کے عزم کو مزید مضبوط کرے گا

پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ تاریخی، مذہبی اور برادرانہ تعلقات رکھتے ہیں، جمال شاہ کاکڑ

دوست ممالک کے ساتھ تعلقات کو مزید مستحکم کرنا اور پاکستان کے قومی مفادات کا مؤثر انداز میں تحفظ کرنا ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری ورکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے اپنے جاری کردہ بیان میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان ہونے والے معاہدہ مکہ کو اہمیت کا حامل قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ نہ صرف تاریخی، مذہبی اور برادرانہ تعلقات رکھتے ہیں بلکہ تینوں ممالک خطے کے امن، سلامتی اور ترقی کے لیے اہم کردار ادا کرر (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

چیف جسٹس آف پاکستان نے فیڈرل جوڈیشل اکیڈمی کیلئے نئی تقرری کردی

اسلام آباد (آن لائن) چیف جسٹس آف پاکستان نے فیڈرل جوڈیشل اکیڈمی کے لیے نئی تقرری کردی ہے۔ اعلامیے کے مطابق جہانزیب شنواری یکم اکتوبر 2026ء سے فیڈرل جوڈیشل اکیڈمی کے نئے ڈائریکٹر جنرل کے طور پر فرائض سنبھالیں گے۔ اعلامیے میں بتایا گیا کہ اس اہم عہدے کے لیے ملک بھر سے 80 امید (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

پی ٹی آئی اور حکومت کے مابین مذاکرات سے سپیکر قومی اسمبلی کا لاعلمی کا اظہار

ایاز صادق اور تحریک انصاف کے چیف وہپ کے مابین ملاقات کی اندرونی تفصیلات سامنے آگئیں

اسلام آباد (آن لائن) پی ٹی آئی اور حکومت کے مابین مذاکرات سے سپیکر قومی اسمبلی نے لاعلمی کا اظہار کردیا۔ سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق اور تحریک انصاف کے چیف وہپ عامر ڈوگر کے مابین ایک روز قبل ملاقات کی اندرونی تفصیلات سامنے آگئی ہیں۔ ذرائع کے مطابق اس ملاقات میں سپیکر قومی اسمبلی نے تحریک انصاف کو مذاکرات کی کوئی دعوت نہیں دی۔ ملاقات کے دوران قومی اسمبلی کے آئندہ اجلاس کے ایجنڈے اور شیڈول پر بات چیت ہوئی۔ سپیکر آفس کے ذرائع کا کہنا ہے کہ وزیراعظم اور سپیکر قومی اسمبلی متعدد بار اپوزیشن کو مذاکرات کی دعوت دے چکے ہیں مگر اپوزیشن نے کبھی مثبت جواب نہیں دیا۔ اس بار کی ملاقات میں بھی سپیکر نے مذاکرا (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

مکہ مکرمہ: سعودی ولی عہد اور وزیراعظم محمد بن سلمان، ترک صدر رجب طیب اردوان اور وزیراعظم محمد شہباز شریف مسجد الحرام میں جمعہ کی نماز ادا کررہے ہیں

خیبرپختونخوا میں کامیاب آپریشنز، محسن نقوی کا سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین

امن کے قیام کے لیے فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتیں قابل ستائش، وفاقی وزیر داخلہ

سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے متحد ہے

اسلام آباد (آن لائن) وزیر داخلہ محسن نقوی نے خیبرپختونخوا کے علاقوں اعظم ورسک اور ضلع دیر میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں کو سراہتے ہوئے دہشت گردوں کے خلاف مؤثر آپریشنز پر فورسز کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے اور ملک میں امن و استحکام کے قیام کے لیے سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، جرا (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

عوامی نیشنل پارٹی شہدا کی جماعت ہے، زمرک خان اچکزئی

8 اگست 2016 کا سانحہ بلوچستان اور پاکستان کی تاریخ کا ایک سیاہ باب ہے، پارلیمانی لیڈر اے این پی

سانحہ 8 اگست کے شہدا کو خراج عقیدت پیش کرنا اور ایسے واقعات کی روک تھام کیلئے مؤثر اقدامات کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا ہے کہ عوامی نیشنل پارٹی شہدا کی جماعت ہے اور سانحہ 8 اگست جیسے المناک واقعات کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ 8 اگست 2016 کا سانحہ بلوچستان اور پاکستان کی تاریخ کا ایک سیاہ باب ہے، جس میں ملک کے نامور وکلاء، صحافیوں اور شہریوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ انہوں نے کہا (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ کے درمیان مشترکہ دفاعی اجلاس اور دفاعی معاہدے کا اعلامیہ جاری

تینوں ممالک نے مشترکہ دفاعی تعاون کے ذریعے ایک محفوظ، پرامن اور خوشحال مستقبل کے حصول کے عزم کا اعادہ کیا ہے، مشترکہ اعلامیہ

معاہدہ تینوں ممالک کی اجتماعی سلامتی کو مزید مستحکم کرنے اور خطے سمیت دنیا بھر میں امن، سلامتی اور استحکام کے فروغ کے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتا ہے

مکہ مکرمہ (آن لائن) سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ کے درمیان مشترکہ دفاعی اجلاس اور دفاعی معاہدے کا اعلامیہ بھی جاری کردیا گیا، اجلاس میں سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان کے درمیان دیرینہ تعلقات، باہمی دلچسپی کے امور، مشترکہ تزویراتی مفادات اور دفاعی تعاون کا جائزہ لیا گیا۔ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کردیے، جس کے تحت تینوں ممالک میں سے کسی ایک کے خلاف مسلح حملہ تینوں ممالک کے خلاف (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

ABC CERTIFIED
روزنامہ
تعمیر وطن
TAMEER-E-WATAN

انصاف کی فراہمی

وزیر اعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ اسماجنگ کیس انسانی حقوق سے متعلق ایک سنجیدہ اور قابلِ تشویش معاملہ ہے، جسے کسی بھی سطح پر معمولی یا نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ بلوچستان کی متاثرہ بچی انصاف کی متلاشی ہے اور ہر ذی شعور فرد کو ہر قسم کی مصلحت سے بالاتر ہوکر حق اور انصاف کا ساتھ دینا ہوگا۔ اپنے ایک جاری بیان میں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی متاثرہ خاندان سے مسلسل رابطے میں ہیں جبکہ محکمہ داخلہ بھی اس معاملے پر پوری طرح متحرک ہے۔ حکومت بلوچستان اسماجنگ کے خاندان کو انصاف کی فراہمی کے لیے تمام ممکنہ اقدامات یقینی بنا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان انسانی حقوق، خواتین اور بچوں کے تحفظ کے حوالے سے اپنی ذمہ داریوں سے بخوبی آگاہ ہے اور کسی بھی متاثرہ شہری کو انصاف کے حصول میں تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔ اسماجنگ کیس میں قانون کے تقاضوں کے مطابق شفاف اور موثر کارروائی کو یقینی بنایا جائے گا۔ مشیر ویمن ڈویلپمنٹ نے کہا کہ خواتین اور بچوں کے خلاف کسی بھی قسم کے ظلم، تشدد یا ناانصافی کو برداشت نہیں کیا جاسکتا۔ معاشرے کے تمام طبقات کو ایسے حساس معاملات میں ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے متاثرین کی آواز بننا چاہیے اور انہیں انصاف کی فراہمی کے لیے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ اسماجنگ کو ضرور انصاف ملے گا، حکومت بلوچستان اس معاملے پر سنجیدہ ہے اور متاثرہ خاندان کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انصاف کی فراہمی ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے اور اس کیس میں قانون و انصاف کے تقاضوں کو ہر صورت مقدم رکھا جائے گا۔

بقیہ 01

اداروں کے اہلکار شہید ہورہے ہیں جبکہ دوسری جانب کشمیریوں کا خون بہہ رہا ہے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ اب جج کمیشن کا قیام صرف ان کی ذاتی رائے نہیں رہا بلکہ آزاد کشمیر اسمبلی میں بھی اس حوالے سے قرارداد منظور ہوچکی ہے۔ جج کمیشن جب تک اپنا کام مکمل نہ کرے، احتجاج کرنے والے احتجاج ختم کریں اور کارروائی کرنے والے بھی اپنی کارروائیاں روکیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر جج کمیشن کی تحقیقات کے بعد یہ ثابت ہو کہ کسی نے جرم کیا یا قانون ہاتھ میں لیا تو اس کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی ہونی چاہیے، تاہم اگر کسی شخص پر غلط الزام ثابت ہو تو اسے بھی انصاف ملنا چاہیے۔ پیپلز پارٹی کے چیئرمین کا کہنا تھا کہ مسئلے کا حل یہی ہے کہ عوام اور اسمبلی کی رائے کو اہمیت دی جائے اور آزاد کشمیر میں امن قائم کیا جائے تاکہ عام شہریوں کی زندگی دوبارہ معمول پر آسکے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ صورتحال کا بہتر حل صاف، شفاف اور منصفانہ انتخابات تھے، ایسا ایوان وجود میں آنا چاہیے جس پر پورے کشمیر کو اعتماد ہو۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ آزاد کشمیر کی تاریخ میں کبھی ایسا نہیں ہوا کہ انتخابات ایک، دو یا تین نہیں بلکہ 6 مراحل میں کرائے گئے ہوں۔ اگر کشمیر ایک ہے تو انتخابات بھی ایک ہی دن ہونے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی یہ غلط فہمی ہے کہ وہ مظفرآباد میں حکومت بنائے گی، بلکہ اسلام آباد میں بھی ن لیگ کی الٹی گنتی شروع ہوچکی ہے۔ بلاول بھٹو کا کہنا تھا کہ بڑے لوگ بھی کہہ رہے ہیں کہ نظام تباہ ہوچکا ہے اور عوامی مسائل میں اضافہ ہورہا ہے۔ اصل لڑائی اسلام آباد اور لاہور کی ہے، وزیراعظم شہباز شریف سے ہماری کوئی لڑائی نہیں۔

بقیہ 02

انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے، ملک کے امن و استحکام کے تحفظ اور قومی سلامتی کے لیے بہادر جوانوں کی قربانیاں پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں اور پاکستان دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے کے لیے اپنے عزم پر قائم ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری اپنے بیان میں کہا کہ جنوبی وزیرستان اور ضلع دیر میں کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز مبارکباد کی مستحق ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وطن کے امن و استحکام کے لیے جانوں کے نذرانے پیش کرنے والے جوان قوم کا فخر ہیں اور ان کی خدمات ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھی جائیں گی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک پوری قوم اپنی سکیورٹی فورسز کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار کی طرح کھڑی رہے گی۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ آپریشن عزم استحکام کے تحت دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے ناپاک عزائم ہر قیمت پر ناکام بنائے جائیں گے۔ ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ پاکستان کے امن، سلامتی اور استحکام پر کسی قسم کا کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ پاکستان کے بہادر جوانوں کی حفاظت فرمائے، انہیں ہر محاذ پر کامیابی عطا کرے اور وطن عزیز کو ہمیشہ امن، استحکام اور خوشحالی کا گہوارہ بنائے۔

بقیہ 03

ہوگئے ہیں۔ دوسری جانب جنگ بندی کی کوششوں کے باوجود خطے میں کشیدگی برقرار ہے، ایران نے اندرون ملک سکیورٹی مزید سخت کردی ہے جبکہ یمن میں بھی حملوں کی اطلاعات سامنے آئی ہیں۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ انہیں توقع ہے ایران کے ساتھ جاری جنگ بہت جلد ختم ہوجائے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ ایران اس صورتحال کو زیادہ دیر تک برداشت نہیں کرسکتا اور سفارتی کوششوں کے مثبت نتائج سامنے آسکتے ہیں۔ ادھر سفارتی ذرائع کے مطابق امریکا، ایران اور عمان آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کے لیے ایک عارضی معاہدے کے قریب پہنچ گئے ہیں۔ مجوزہ انتظام کے تحت خلیج میں بحری جہازوں کی محفوظ آمدورفت بحال کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، تاہم معاہدے کی حتمی تفصیلات ابھی طے ہونا باقی ہیں۔ آبنائے ہرمز دنیا کی اہم ترین بحری گزرگاہوں میں شمار ہوتی ہے، جہاں سے عالمی سطح پر تیل اور قدرتی گیس کی بڑی مقدار منتقل کی جاتی ہے۔ جاری جنگ کے باعث اس راستے پر کشیدگی نے عالمی توانائی منڈیوں میں بھی بے چینی پیدا کررکھی ہے۔ دوسری جانب امریکا اور اسرائیل کے ساتھ جنگ کے خاتمے کے لیے سفارتی رابطے تاحال کسی حتمی نتیجے تک نہیں پہنچ سکے۔ اس دوران ایرانی حکام نے ملک بھر خصوصاً دارالحکومت تہران میں سکیورٹی مزید سخت کردی ہے۔ اطلاعات کے مطابق حساس تنصیبات، سرکاری عمارتوں اور اہم شاہراہوں پر نگرانی بڑھادی گئی ہے۔ یمن میں بھی کشیدگی برقرار ہے۔ یمنی فورسز کے مطابق حوثی باغیوں نے خودکش ڈرونز اور بیلسٹک میزائلوں سے حملے کیے، جن میں کم از کم 18 فوجی ہلاک ہوئے۔

بقیہ 04

خواجہ محمد آصف، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ، وزیراعظم کے معاون خصوصی طارق فاطمی اور دیگر حکام شامل تھے۔ عمرہ کی ادائیگی سے قبل پاکستانی وفد کو کعبہ شریف کی زیارت خاص کی سعادت حاصل ہوئی، جہاں انہوں نے انتہائی عقیدت و احترام کے ساتھ حاضری دی۔ عمرہ کی ادائیگی کے بعد وزیراعظم محمد شہباز شریف، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور وفد کے دیگر ارکان نے پاکستان کی ترقی و خوشحالی، عوام کی فلاح، امتِ مسلمہ کے اتحاد و سلامتی اور خطے سمیت پوری دنیا میں امن، استحکام اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعائیں کیں۔ اس موقع پر وفد نے اللہ تعالیٰ کے حضور پاکستان کی سربلندی، قومی یکجہتی اور درپیش چیلنجز سے کامیابی کے ساتھ نمٹنے کے لیے بھی دعا کی۔

بقیہ 05

کے نتیجے میں موقع پر چار افراد جاں بحق جبکہ تین افراد شدید زخمی ہوگئے۔ زخمیوں اور نعشوں کو وڈھ ہسپتال منتقل کردیا گیا جاں بحق افراد دو افراد کا تعلق موسیٰ خیل اور کوئٹہ سے ہے۔ جبکہ دو افراد کا تعلق آڑنجی وڈھ سے بتائی جارہی ہیں زخمیوں میں دو افراد ڈیرہ غازیخان اور ایک کا تعلق کوئٹہ سے ہے۔ وڈھ ہسپتال ذرائع کے مطابق زخمیوں کو طبی امداد کے بعد خضدار منتقل کیا گیا ہے۔ نعشوں کو ضروری کارروائی کے بعد آبائی علاقوں کو روانہ کیا گیا جبکہ مقامی انتظامیہ نے مقدمہ درج کرکے تفتیش شروع کردی ہے۔

بقیہ 06

باشندوں کو گرفتار کرلیا جو غیر قانونی طور پر آرہے تھے جن کے خلاف فارن ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کرکے کارروائی شروع کردی۔

بقیہ 07

پر مصدقہ ریکارڈ اور قانونی وضاحت طلب کی گئی ہے۔ قانونی نوٹس میں استفسار کیا گیا ہے کہ آیا میڈیا پالیسی 2023 نظرثانی (2026 کا یکم جولائی 2026 سے باضابطہ نفاذ کیا جاچکا ہے، اور اگر ایسا ہے تو متعلقہ نوٹیفکیشن، اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت، ضلعی سطح پر ڈیجیٹل نظام کی فعالیت، اشتہارات کی تقسیم میں مبینہ مداخلت، بجٹ میں ردوبدل، آڈٹ رپورٹس، علاقائی زبانوں کے اخبارات پر اثرات، وفاقی و بین الصوبائی مشاورت، قانونی آرا اور پالیسی کی منظوری سے متعلق تمام ریکارڈ فراہم کرنے سمیت 19 وضاحتیں طلب کی ہیں۔ نوٹس میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ اگر حکومت پالیسی کی قانونی، شفاف اور مشاورتی بنیاد ثابت کرنے میں ناکام رہتی ہے تو میڈیا پالیسی پر عارضی طور پر عملدرآمد روک کر علاقائی اخبارات، صحافتی تنظیموں، ڈیجیٹل میڈیا نمائندوں، فری لانس صحافیوں، قانونی ماہرین اور سرکاری اداروں پر مشتمل نمائندہ مشاورتی کمیٹی تشکیل دی جائے۔ نوٹس میں محکمہ کو 15 روز کے اندر مکمل اور مصدقہ جواب فراہم کرنے کا پابند قرار دیتے ہوئے خبردار کیا گیا ہے کہ بصورت دیگر بلوچستان انفارمیشن کمیشن، بلوچستان ہائی کورٹ اور دیگر مجاز فورمز سے رجوع کیا جائے گا۔

بقیہ 08

ی خان سکنہ سندھ کو قتل کردیا اور فرار ہوگئے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی مقامی انتظامیہ نے موقع پر پہنچ کر نعش ہسپتال منتقل کردی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی مزید کارروائی جھل مگسی پولیس کررہی ہے۔

بقیہ 09

کیہ نے کسی بھی جارحیت کے خلاف اپنی اجتماعی دفاعی صلاحیت مضبوط بنانے پر اتفاق بھی کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی نے کہا ہے کہ خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز کی دعوت پر صدر ترکیہ رجب طیب اردوان اور وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف نے سعودی عرب کا دورہ کیا، جہاں سعودی ولی عہد و وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان نے دونوں رہنماؤں کا استقبال کیا۔ مکہ مکرمہ کے الصفا محل میں سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ کا مشترکہ دفاعی سربراہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں تینوں ممالک کے باہمی تعلقات، مشترکہ اسٹریٹجک مفادات اور باہمی دلچسپی کے امور کا جائزہ لیا گیا۔ ترجمان کے مطابق اجلاس میں سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ کے درمیان تاریخی، برادرانہ اور اسلامی یکجہتی کے تعلقات کو مزید فروغ دینے پر اتفاق کیا گیا، جبکہ تینوں ممالک نے دیرینہ دفاعی تعاون اور مشترکہ اسٹریٹجک مفادات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف، سعودی ولی عہد محمد بن سلمان اور ترک صدر رجب طیب اردوان نے مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کیے۔ معاہدے کے تحت کسی بھی ایک ملک پر مسلح حملہ تینوں ممالک پر حملہ تصور کیا جائے گا، جبکہ سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ نے کسی بھی جارحیت کے خلاف اپنی اجتماعی دفاعی صلاحیت مضبوط بنانے پر اتفاق کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے بتایا کہ معاہدے کے تحت تینوں ممالک کے درمیان دفاعی تعاون کے تمام شعبوں کو مزید وسعت دی جائے گی۔ معاہدہ تینوں ریاستوں کے مشترکہ دفاعی مفادات اور سلامتی کے تحفظ کے لیے اہم پیش رفت ہے۔ ترجمان کے مطابق مکہ مکرمہ میں ہونے والے اجلاس سے سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ کے درمیان دفاعی شراکت داری کے نئے دور کا آغاز ہوا ہے۔ معاہدہ محفوظ اور خوشحال مستقبل کے لیے تینوں ممالک کے مشترکہ وژن کی عکاسی کرتا ہے۔ تینوں ممالک نے خطے اور دنیا میں امن، سلامتی اور استحکام کے فروغ کے عزم کا بھی اعادہ کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق مشترکہ دفاعی معاہدہ تینوں ممالک کے تاریخی تعلقات اور اسٹریٹجک تعاون کی بنیاد پر مبنی ہے۔

بقیہ 10

کی کی اہم وجوہات قرار دیا گیا۔ اجلاس میں چیک شدہ غذائی اشیا کے معیار سے متعلق رپورٹ بھی پیش کی گئی، جس کے مطابق 491 نمونوں میں سے 176 قومی معیار پر پورے نہیں اترے، یوں 36 فیصد نمونے غیر معیاری قرار پائے۔ وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کھلے گھی، خوردنی تیل اور دودھ کے ملک گیر سروے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ غذائی معیار اور صارفین کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے تھوک اور پرچون قیمتوں میں فرق کم کرنے کے لیے عملی اقدامات کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ مہنگائی کے بنیادی محرکات کی مسلسل نگرانی کی جائے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 11

ہوئے رانا ثناء اللہ نے آزاد کشمیر کے انتخابات میں دھاندلی کے الزامات مسترد کرتے ہوئے کہا کہ آزاد کشمیر کی تاریخ کے شفاف ترین انتخابات ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانیوں کا دل کشمیریوں کے ساتھ دھڑکتا ہے، پاکستان کشمیر کے بغیر نامکمل ہے، ہم کشمیر کے ہیں اور کشمیر ہمارا ہے۔ رانا ثناء اللہ کا کہنا تھا کہ آزاد کشمیر میں حکومت بنانے کے لیے 45 میں سے 23 نشستیں درکار ہیں، مسلم لیگ (ن) دو مراحل میں انتخابات میں واضح اکثریت حاصل کرچکی ہے، اب آزاد کشمیر میں تعمیر و ترقی کا نیا دور شروع ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر کی ترقی مسلم لیگ (ن) کی ترجیحات میں شامل ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے وعدہ کیا تھا کہ اگر کشمیریوں نے مسلم لیگ (ن) پر اعتماد کیا تو آزاد کشمیر میں بھی پنجاب جیسی ترقی ہوگی۔ وزیراعظم کے مشیر نے مزید کہا کہ معرکہ حق کے بعد بھارت کو معلوم ہوگیا ہے کہ وہ پاکستان کا مقابلہ نہیں کرسکتا، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں پاک فوج نے بھارت کو دھول چٹائی۔ اس موقع پر وفاقی وزیر امور کشمیر امیر مقام نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر میں حکومت بنانے کی پوزیشن میں آچکی ہے، کسی مائی کے لعل کو عوام کا مینڈیٹ چھیننے نہیں دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ حویلی کا الیکشن جیت کر دو تہائی اکثریت حاصل کریں گے اور کامیابی کے بعد حویلی کے عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ امیر مقام کا کہنا تھا کہ حویلی ان کا دوسرا گھر ہے اور یہاں کے لوگوں کے ساتھ ان کا اعتماد کا رشتہ ہے، مقبوضہ کشمیر بھی ایک دن آزاد کشمیر کا حصہ بنے گا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی قیادت ہمیشہ کشمیریوں کے ساتھ کھڑی رہی ہے، کوئی مائی کا لعل حویلی کے عوام سے ان کا حق نہیں چھین سکتا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز آزاد کشمیر میں بھی ترقیاتی کام کرنے کی خواہاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لائن آف کنٹرول کے عوام نے وطن کے دفاع کے لیے بے مثال قربانیاں دی ہیں، ایل او سی کے عوام پاکستان کا فخر ہیں۔

بقیہ 12

کہ میجر طفیل محمد شہید نے لکشمی پور سیکٹر میں دشمن کے ناجائز قبضے کا خاتمہ کرتے ہوئے اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا اور دفاعِ وطن کی تاریخ میں سنہری باب رقم کیا۔ آصف علی زرداری کے مطابق میجر طفیل محمد شہید نے شدید زخمی ہونے کے باوجود دشمن کا ڈٹ کر مقابلہ کیا، مشن مکمل کیا اور فرض شناسی، جرات اور استقامت کی نئی مثال قائم کی۔ صدر مملکت نے کہا کہ میجر طفیل محمد شہید کی عظیم قربانی اور بے مثال شجاعت ہمیشہ قوم کے لیے باعث فخر اور آنے والی نسلوں کے لیے مشعلِ راہ رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اپنے شہداء کا ہمیشہ مقروض رہے گا، قوم کے یہ عظیم سپوت ہماری آزادی، خودمختاری اور قومی سلامتی کی مضبوط بنیاد ہیں۔ صدر زرداری نے مزید کہا کہ میجر طفیل محمد شہید کی جرات کی داستان پاکستان کی بہادر مسلح افواج کے افسران اور جوانوں کے عزم، پیشہ ورانہ مہارت اور وطن سے غیر متزلزل وفاداری کی روشن علامت ہے۔

بقیہ 13

کرنے والے سولر صارفین کو نیپرا سے اجازت لینے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ ایسے صارفین کے لیے منظوری کا عمل مزید آسان بنادیا گیا ہے۔ نیپرا کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے تحت متعلقہ بجلی کی تقسیم کار کمپنی کو ایسے سولر صارفین کو براہ راست منظوری دینے کا اختیار دے دیا گیا ہے۔ اس اقدام سے چھوٹے سولر صارفین کے لیے منظوری کے عمل میں آسانی پیدا ہوگی اور انہیں نیپرا سے الگ اجازت لینے کے مرحلے سے گزرنا نہیں پڑے گا۔

بقیہ 14

ئی وزیرستان کے علاقے اعظم ورسک میں فتنہ الخوارج سے تعلق رکھنے والے خوارج کے ایک گروہ نے سکیورٹی فورسز کی چیک پوسٹوں پر حملے کی کوشش کی، سکیورٹی فورسز نے اس کوشش کو موثر طریقے سے ناکام بنادیا، اس کے بعد ہونے والے فائرنگ کے تبادلے میں آٹھ خوارج جہنم واصل ہوگئے، ایک اور جھڑپ ضلع دیر میں ہوئی، جس میں سکیورٹی فورسز نے مزید دو خوارج کو ہلاک کردیا، ہلاک ہونے والے، بھارتی حمایت یافتہ ان خوارج کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا، یہ عناصر علاقے میں دہشت گردی کی متعدد کارروائیوں میں ملوث تھے، علاقے میں موجود کسی بھی دیگر خارجی کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشنز جاری ہیں، سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے وژن ”عزم استحکام“ کے تحت انسداد دہشت گردی کی مہم پوری رفتار سے جاری رکھیں گے تاکہ ملک سے غیر ملکی سرپرستی اور حمایت یافتہ دہشت گردی کی لعنت کا مکمل خاتمہ کیا جاسکے۔

بقیہ 15

وت نے نماز جمعہ ایک ساتھ ادا کی۔ نماز جمعہ میں سعودی ولی عہد و وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان، وزیراعظم پاکستان شہباز شریف، صدر ترکیہ رجب طیب اردوان اور پاکستان کے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے شرکت کی۔ اس موقع پر خطے میں امن و استحکام، باہمی تعاون اور عوام کی خوشحالی کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں۔ تینوں برادر ممالک کی قیادت کی یہ مشترکہ موجودگی پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان بڑھتے ہوئے تزویراتی تعاون اور مضبوط برادرانہ تعلقات کی عکاس قرار دی جارہی ہے۔

بقیہ 16

ہے ہیں۔ معاہدہ مکہ تینوں ممالک کے درمیان باہمی اعتماد، دفاعی تعاون، اقتصادی شراکت داری اور مشترکہ چیلنجز سے نمٹنے کے عزم کو مزید مضبوط کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کی خارجہ پالیسی کا بنیادی مقصد دوست ممالک کے ساتھ تعلقات کو مزید مستحکم کرنا اور پاکستان کے قومی مفادات کا موثر انداز میں تحفظ کرنا ہے۔ پاکستان سعودی عرب اور ترکیہ کے ساتھ اپنے دیرینہ تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور ایسے اقدامات خطے میں امن و استحکام کے لیے مثبت پیغام ہیں۔ رکن قومی اسمبلی نے کہا کہ آج دنیا کو امن، برداشت اور تعاون کی ضرورت ہے، ایسے میں مسلم ممالک کے درمیان اتحاد اور باہمی تعاون وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ عالمی امن، خودمختاری کے احترام اور سفارتی ذرائع سے مسائل کے حل کا حامی رہا ہے۔ جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ معاہدہ مکہ پاکستان کی سفارتی کامیابیوں کا تسلسل ہے اور اس سے نہ صرف تینوں ممالک کے تعلقات مزید مضبوط ہوں گے بلکہ تجارت، سرمایہ کاری، دفاع اور عوامی روابط کے نئے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔ انہوں نے وزیراعظم محمد شہباز شریف، وفاقی حکومت اور متعلقہ اداروں کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان ایک ذمہ دار ریاست کے طور پر خطے میں امن اور ترقی کے لیے اپنا کردار ادا کرتا رہے گا۔

بقیہ 17

واروں نے درخواستیں جمع کروائیں۔ امیدواروں میں سے شارٹ لسٹ کیے گئے افراد کے تفصیلی انٹرویوز جسٹس نعیم اختر افغان، جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب اور خیبر پختونخوا جوڈیشل اکیڈمی کے ڈائریکٹر جنرل حیات علی شاہ پر مشتمل سلیکشن کمیٹی نے کیے۔ کمیٹی نے اپنی سفارشات کی روشنی میں جہانزیب شنواری کے نام کی منظوری دی۔ جہانزیب شنواری اس سے قبل خیبر پختونخوا جوڈیشل اکیڈمی پشاور کے ڈائریکٹر جنرل کے طور پر خدمات انجام دے رہے تھے۔ وہ عدالتی تربیت اور ریسرچ کے شعبے میں وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔ اعلامیے کے مطابق جہانزیب شنواری بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ سول اور کمرشل ثالث بھی ہیں۔ وہ یو این ڈی پی، یو این ویمن اور یورپی یونین کے زیر اہتمام منعقدہ مختلف فورمز میں پاکستان کی نمائندگی کرچکے ہیں۔

بقیہ 18

ت کے حوالے سے کوئی بات نہیں کی۔ سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے رابطے پر بتایا کہ انہوں نے تحریک انصاف کو مذاکرات کی کوئی دعوت نہیں دی۔ ان کا کہنا تھا کہ ملاقات میں بجٹ اور قومی اسمبلی کے آئندہ اجلاس سے متعلق امور پر بات چیت ہوئی۔ سپیکر نے یہ بھی کہا کہ اگر وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری اور عامر ڈوگر کے درمیان مذاکرات کے حوالے سے کوئی بات ہوئی ہو تو انہیں اس کا علم نہیں۔

بقیہ 19

حملہ تصور کیا جائے گا۔ خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز آل سعود کی دعوت پر ترک صدر رجب طیب اردوان اور وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف نے سعودی عرب کا دورہ کیا۔ سعودی ولی عہد و وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود نے ترک صدر رجب طیب اردوان اور وزیراعظم محمد شہباز شریف کا مکہ مکرمہ کے قصر الصفا میں استقبال کیا، جہاں مشترکہ دفاع کے لیے مکہ مکرمہ سربراہی اجلاس منعقد ہوا۔ جاری مشترکہ اعلامیے کے مطابق تینوں ممالک کے تاریخی تعلقات، اخوت، اسلامی یکجہتی، مشترکہ تزویراتی مفادات اور طویل عرصے سے جاری دفاعی تعاون کی بنیاد پر سعودی ولی عہد و وزیراعظم محمد بن سلمان، ترک صدر رجب طیب اردوان اور وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کیے۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ معاہدہ تینوں ممالک کی اجتماعی سلامتی کو مزید مستحکم کرنے اور خطے سمیت دنیا بھر میں امن، سلامتی اور استحکام کے فروغ کے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ معاہدے کا بنیادی مقصد کسی بھی جارحیت کے خلاف اجتماعی دفاع کو مضبوط بنانا ہے۔ معاہدے میں واضح کیا گیا ہے کہ تینوں ممالک میں سے کسی ایک کے خلاف کوئی بھی مسلح حملہ تینوں ممالک کے خلاف حملہ تصور کیا جائے گا۔ مشترکہ اعلامیے کے مطابق معاہدے کے تحت سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ کے درمیان دفاعی تعاون کے تمام شعبوں کو مزید وسعت دینے اور مضبوط بنانے پر بھی اتفاق کیا گیا ہے۔ تینوں ممالک نے مشترکہ دفاعی تعاون کے ذریعے ایک محفوظ، پرامن اور خوشحال مستقبل کے حصول کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔

بقیہ 20

ت اور قربانیاں قابل فخر ہیں، جبکہ پوری قوم اس قومی جدوجہد میں اپنی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے اعظم ورسک اور ضلع دیر میں کارروائیوں کے دوران دس خوارجی دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ خیبر پختونخوا میں امن کے قیام کے لیے فورسز پوری ثابت قدمی اور عزم کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں انجام دے رہی ہیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ وہ خوارجی دہشت گردوں کے خلاف برسرپیکار قوم کے بہادر سپوتوں کو سلام پیش کرتے ہیں، جنہوں نے اپنی جانوں کی پروا کیے بغیر ملک کے امن کے لیے نمایاں خدمات انجام دی ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ آخری دہشت گرد کے خاتمے تک جاری رہے گی اور حکومت ہر سطح پر سکیورٹی فورسز کی مکمل حمایت جاری رکھے گی۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ پوری قوم دہشت گردی کے خلاف اس جنگ میں اپنی سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے متحد ہے۔

بقیہ 21

اور صوبائی اسمبلیوں کو اپنے، شریک حیات اور زیر کفالت بچوں کے اثاثوں اور واجبات کے گوشوارے 31 دسمبر 2026 تک جمع کرانے کی تاکید کردی ہے۔ الیکشن کمیشن کے مطابق تمام اراکین اپنے، شریک حیات اور زیر کفالت بچوں کے اثاثوں اور واجبات کی تفصیلات مقررہ فارم-بی پر جمع کرانے کے پابند ہیں۔ الیکشن ایکٹ 2017 کی دفعہ 137 کے تحت گوشوارے جمع نہ کرانے والوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ گوشوارے جمع نہ کرانے والے اراکین کے نام یکم جنوری کو عوامی سطح پر جاری کیے جائیں گے۔ 15 جنوری تک گوشوارے جمع نہ کرانے والے اراکین کی رکنیت معطل کردی جائے گی۔ معطل اراکین گوشوارے جمع کرانے تک پارلیمنٹ یا صوبائی اسمبلی کی کسی بھی کارروائی میں حصہ نہیں لے سکیں گے۔ الیکشن کمیشن نے واضح کیا کہ اثاثوں کے گوشواروں میں غلط یا گمراہ کن معلومات فراہم کرنے پر بدعنوانی کے تحت کارروائی کی جائے گی۔ غلط معلومات ثابت ہونے پر الیکشن کمیشن 120 روز کے اندر قانونی کارروائی کا اختیار رکھتا ہے۔ الیکشن کمیشن نے اراکین کو مقررہ وقت میں گوشوارے جمع کرانے کی ہدایت کرتے ہوئے تاخیر سے گریز کرنے کی تلقین کی ہے۔ مقررہ فارم-بی الیکشن کمیشن، صوبائی دفاتر، سینیٹ اور قومی و صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹس سے مفت حاصل کیا جاسکتا ہے جبکہ یہ الیکشن کمیشن کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے۔

بقیہ 22

کہ عوامی نیشنل پارٹی نے ہمیشہ دہشت گردی کے خلاف بے شمار قربانیاں دی ہیں اور پارٹی کے کارکنوں اور رہنماؤں نے وطن کے امن و استحکام کے لیے اپنی جانیں قربان کیں۔ انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا کہ شہدا کی قربانیوں کو رائیگاں نہیں جانے دیا جائے گا اور عوامی نیشنل پارٹی ہر فورم پر امن، جمہوریت اور عوام کے حقوق کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ انہوں نے زور دیا کہ سانحہ 8 اگست کے شہدا کو خراج عقیدت پیش کرنا اور ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے موثر اقدامات کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے۔

بقیہ 23

آنے والے افسوسناک حادثے میں جاں بحق کوہ پیماؤں کی میتیں کامیاب ریسکیو آپریشن کے بعد اسلام آباد پہنچا دی گئی ہیں۔ پاک فوج کے ہیلی کاپٹروں کی مدد سے دشوار گزار پہاڑی علاقے سے ریکور کی گئی میتوں کو اسکردو سے اسلام آباد منتقل کیا گیا، جہاں ضروری کارروائی کے بعد انہیں متعلقہ ممالک روانہ کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق معروف نیپالی کوہ پیما نرمل پورجا (نمز دائی) سمیت متعدد غیر ملکی کوہ پیماؤں کی میتیں اسلام آباد پہنچ گئی ہیں۔ پاکستانی کوہ پیماؤں اور شیرپاز کی مشترکہ کوششوں سے براڈ پیک کے انتہائی مشکل اور خطرناک مقام سے میتیں نکالی گئیں۔ حکام کے مطابق نرمل پورجا کی میت برطانیہ روانہ کی جائے گی، جہاں انہیں فوجی اعزاز کے ساتھ سپرد خاک کیا جائے گا۔ چینی کوہ پیما کی میت چین جبکہ نیپالی شیرپاز کی میتیں نیپال روانہ کی جائیں گی۔ رپورٹ کے مطابق کیلتا شیرپا کی میت پہلے ہی نیپال پہنچائی جاچکی ہے، جبکہ عمانی خاتون کوہ پیما کی میت بھی عمان منتقل کردی گئی ہے۔ ریسکیو حکام کے مطابق براڈ پیک حادثے میں لاپتہ تین افراد کی تلاش تاحال جاری ہے، جن میں پاکستانی کوہ پیما سیبل گل، ایک نیپالی شیرپا اور ایک امریکی خاتون کوہ پیما شامل ہیں۔ براڈ پیک ریسکیو آپریشن میں پاک فوج، پاکستانی کوہ پیماؤں اور مقامی شیرپاز نے انتہائی مشکل موسمی حالات اور خطرناک راستوں کے باوجود اہم کردار ادا کیا۔

بقیہ 24

پاکستان اور صدر بیلاروس کے درمیان قریبی اور دوستانہ تعلقات نے دونوں ممالک کے باہمی تعاون کو نئی رفتار دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کی قیادت کے مضبوط روابط مستقبل میں اقتصادی اور تجارتی شراکت داری کو مزید مستحکم بنانے میں اہم کردار ادا کریں گے۔ ملاقات میں دونوں فریقوں نے مالیاتی اور ادائیگی کے موثر نظام پر مشاورت جاری رکھنے پر اتفاق کیا، جبکہ مقامی کرنسی اور متبادل ادائیگی کے طریقہ کار کے حوالے سے تکنیکی سطح پر مذاکرات کو آگے بڑھانے کا بھی فیصلہ کیا گیا۔ دونوں جانب سے زراعت، کھاد، انجینئرنگ، ٹریکٹرز، ہیوی مشینری، توانائی اور غذائی شعبوں میں تعاون بڑھانے کے امکانات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ جام کمال خان نے بیلاروس کی انجینئرنگ اور زرعی مشینری کی صنعت کو سراہتے ہوئے ٹریکٹرز، ٹرکس اور زرعی مشینری کے شعبوں میں مشترکہ تعاون کو فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیا۔ بیلاروس کے سفیر آندرے میٹلیتسا نے کہا کہ بیلاروس میں پاکستانی ہنرمند افرادی قوت کی طلب میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ دونوں فریقوں نے پاکستانی کارکنوں کے لیے مزید روزگار کے مواقع پیدا کرنے، شفاف بھرتیوں کے نظام کو فروغ دینے اور اس شعبے میں باہمی تعاون کو مزید موثر بنانے پر بھی اتفاق کیا۔ ملاقات میں اس امر پر بھی اتفاق کیا گیا کہ آئندہ اعلیٰ سطحی دوروں اور مشترکہ وزارتی کمیشن کے اجلاس کو دونوں ممالک کے درمیان عملی اقتصادی تعاون، سرمایہ کاری اور تجارتی روابط کے فروغ کے لیے موثر پلیٹ فارم بنایا جائے گا۔

بقیہ 25

نے کی جانب اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ پاکستان ورچوئل اثاثہ ریگولیٹری اتھارٹی (پیوارا) کے تیسرے اجلاس میں ورچوئل اثاثہ جات کے لیے جامع ریگولیٹری فریم ورک، لائسنسنگ نظام اور دیگر اہم امور پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کی صدارت وزیر مملکت و چیئرمین پیوارا بلال بن ثاقب نے کی، جس میں گورنر اسٹیٹ بینک، سیکرٹری خزانہ، سیکرٹری قانون، چیئرمین سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی)، چیئرمین پاکستان ڈیجیٹل اتھارٹی اور دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ورچوئل اثاثہ جات کے ریگولیٹری فریم ورک پر ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا، جبکہ ہیومن ریسورس اور لائسنسنگ ریگولیشنز کے حوالے سے اہم اقدامات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ حکام کو بتایا گیا کہ پاکستان ورچوئل اثاثہ سروس پرووائیڈرز کے لیے مکمل لائسنسنگ نظام کے قیام کے مزید قریب پہنچ گیا ہے۔ چیئرمین پیوارا بلال بن ثاقب نے کہا کہ اتھارٹی کی حالیہ پیش رفت پاکستان کے ورچوئل اثاثہ جات کے شعبے کے لیے ایک اہم سنگ میل ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیا ریگولیٹری فریم ورک شفاف، جدید اور رسک بیسڈ نظام پر مبنی ہوگا، جس کا مقصد ذمہ دارانہ جدت، مارکیٹ میں شفافیت اور صارفین و سرمایہ کاروں کے تحفظ کو یقینی بنانا ہے۔ بلال بن ثاقب نے کہا کہ پیوارا محفوظ، شفاف اور بین الاقوامی معیار سے ہم آہنگ ریگولیٹری ماحول کے قیام کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ اتھارٹی ذمہ دارانہ سرمایہ کاری کے فروغ اور پاکستان کی ڈیجیٹل معیشت کی ترقی کے لیے اقدامات جاری رکھے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ نیا نظام پاکستان کے مالیاتی نظام کی سالمیت کو برقرار رکھتے ہوئے ڈیجیٹل شعبے میں جدت اور ترقی کے نئے مواقع پیدا کرے گا۔

بقیہ 26

اس ریفرنس میں سپریم کورٹ کے 9 ججز نے پرنسپل سیٹ پر شرکت کی جبکہ 4 ججز کراچی اور 3 ججز لاہور سے ویڈیو لنک کے ذریعے شریک ہوئے۔ ریفرنس میں اٹارنی جنرل منصور عثمان کا پیغام ایڈیشنل اٹارنی جنرل عامر رحمان نے پڑھ کر سنایا۔ پیغام میں کہا گیا کہ جسٹس مسرت ہلالی پشاور ہائی کورٹ کی پہلی خاتون چیف جسٹس تھیں اور انہوں نے عدلیہ میں خواتین کے لیے نئی راہیں ہموار کیں۔ اٹارنی جنرل کے پیغام میں جسٹس مسرت ہلالی کے اہم فیصلوں کا بھی ذکر کیا گیا۔ بتایا گیا کہ انہوں نے فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل روکنے سے متعلق فیصلے کو کالعدم قرار دیا تھا۔ اس کے علاوہ انہوں نے فوجی عدالتوں کے فیصلے کو انٹرا کورٹ اپیل میں معطل کرنے کی بھی مخالفت کی۔ اٹارنی جنرل نے کہا کہ انہی دلائل کی بنیاد پر سپریم کورٹ نے فوجی عدالتوں کے مجرمان کو اپیل کا حق دینے کی ہدایات جاری کیں۔ پیغام میں مزید کہا گیا کہ جسٹس مسرت ہلالی نے خاندانی قوانین سے متعلق ایک اہم فیصلے میں قرار دیا تھا کہ تنسیخ نکاح کا دعویٰ خلع میں تبدیل نہیں کیا جاسکتا۔ فل کورٹ ریفرنس میں سپریم کورٹ کے ججز نے جسٹس مسرت ہلالی کی عدالتی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا اور ان کی ریٹائرمنٹ پر نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ 27

تجارت اور دوطرفہ تعاون کے فروغ سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران ایرانی سفیر نے بتایا کہ پاکستان اور ایران کے درمیان دوسری ٹرانسمیشن لائن پر جلد کام شروع کیا جائے گا۔ انہوں نے موجودہ 100 میگاواٹ بجلی فراہمی کے معاہدے میں توسیع کی تجویز بھی زیر غور ہونے سے آگاہ کیا۔ ڈاکٹر رضا امیری مقدم نے کہا کہ تہران میں ہونے والے مشترکہ کمیشن کے اجلاس میں پاکستانی توانائی کمپنیوں کو مدعو کیا جائے گا۔ انہوں نے سی پی پی اے-جی، کیسکو اور این ٹی ڈی سی کی تکنیکی ٹیموں کو تہران مدعو کرنے کی بھی پیشکش کی۔ ملاقات میں زرعی اور غذائی شعبوں میں پاکستان اور ایران کے تعاون کو مزید وسعت دینے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ ایرانی سفیر نے کہا کہ بجلی کی ادائیگیوں کا موجودہ طریقہ کار اطمینان بخش ہے۔ وفاقی وزیر توانائی سردار اویس لغاری نے کہا کہ خطے میں امن اور استحکام پاکستان اور ایران دونوں کے مشترکہ مفاد میں ہے۔ عالمی جنگی صورتحال کے باعث توانائی کی قیمتیں متاثر ہوئیں اور پاکستانی عوام کو بھی اس کے اثرات برداشت کرنا پڑے۔ انہوں نے جنگی حالات میں بھی ایران کی جانب سے پاکستان کو بجلی کی مسلسل فراہمی کو قابل تحسین قرار دیتے ہوئے کہا کہ پاکستانی ماہرین ایران جاکر وہاں کے بجلی کے نظام اور نیشنل گرڈ کا جائزہ لیں گے۔ اویس لغاری نے کہا کہ گوادر کی ترقی کے لیے مستحکم، قابل اعتماد اور بلاتعطل بجلی کی فراہمی ناگزیر ہے۔ گوادر میں بجلی کے نظام کی پائیداری اور پیداواری صلاحیت میں سرمایہ کاری کی ضرورت ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ مستقبل میں ایران سے بجلی کی فراہمی اور دوطرفہ بجلی تجارت کی اہمیت مزید بڑھے گی، جبکہ قابل تجدید توانائی میں سرمایہ کاری اور دونوں ممالک کے درمیان بجلی کی تجارت وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو مناسب نرخوں پر بجلی کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ ایرانی سفیر ڈاکٹر رضا امیری مقدم نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی امن کوششیں قابل تحسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور ایران کے تعلقات نئی بلندیوں تک پہنچ چکے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان اور ایران کے درمیان دوطرفہ تجارت کا حجم 4 ارب ڈالر تک پہنچانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ بحری راستوں کی بندش کے باوجود ایران نے پاکستان کی تجارتی ضروریات پوری کیں۔ ایرانی سفیر نے کہا کہ ایران اپنی تجارت کا بڑا حصہ پاکستانی بندرگاہوں کے ذریعے منتقل کرنے میں دلچسپی رکھتا ہے۔ ملاقات کے اختتام پر دونوں جانب سے توانائی سمیت مختلف شعبوں میں پاکستان اور ایران کے تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔

بقیہ 28

وڈھ، لسبیلہ اور حب کے مختلف مقامات پر ٹریفک کیلئے بند کیا گیا۔ این 40 کوئٹہ تفتان کو کوئٹہ، نوشکی، دالبندین، نوکنڈی اور تفتان کے مختلف مقامات پر شاہراہ بند کیا گیا۔ کوئٹہ ژوب این 50 قومی شاہراہ کو کوئٹہ، قلعہ سیف اللہ، مسلم باغ، ژوب اور شیرانی کے مختلف مقامات پر ٹریفک کیلئے بند کیا گیا۔ این 65 کوئٹہ سبی جیکب آباد قومی شاہراہ کو کوئٹہ، بولان، ڈھاڈر، سبی اور جیکب آباد کی جانب مختلف مقامات پر بند کیا۔ مکران کوسٹل این 10 مکران کوسٹل ہائی وے کو گوادر، تربت اور مکران کے دیگر علاقوں میں مختلف مقامات پر ٹریفک بند کیا گیا۔ این 85 سوراب پنجگور ہوشاب شاہراہ کو سوراب، پنجگور کے مختلف مقامات پر بھی احتجاج کے باعث آمدورفت متاثر ہوئی۔ ہڑتال کے دوران ٹرانسپورٹرز، تاجر برادری اور عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی، جبکہ مختلف مقامات پر شاہراہوں کی بندش کے باعث گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں۔ جماعت اسلامی بلوچستان کے مطابق ہڑتال کا مقصد بدامنی، شاہراہوں پر لوٹ مار، پٹرولیم مصنوعات پر بھتہ خوری، بارڈرز کی بندش، بدعنوانی اور دیگر عوامی مسائل کے خلاف آواز بلند کرنا ہے۔ بندی کی گئی تمام اضلاع کے مین شاہراہوں پر دھرنے دیے گئے کچھ مقامات پر انتظامیہ و پولیس نے لاٹھی چارج و گرفتاریاں اور مقدمات درج بھی کیے گئے۔ امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے گوادر، مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری مولانا عبدالحق ہاشمی، صوبائی جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ، نائب امرا زاہد اختر بلوچ مولانا عبدالکبیر شاکر ڈاکٹر عطاالرحمان، مولانا محمد عارف دمڑ، امیر ضلع کوئٹہ عبدالنعیم رند نے کوئٹہ، نائب امیر صوبہ بشیر احمد ماندائی نے نصیرآباد نائب امیر صوبہ پروفیسر مولانا محمد ایوب منصور نے جعفرآباد، ڈپٹی جنرل سیکرٹری مولانا محمد اسلم گرگی نے خضدار، نورالدین غلزئی نے لورالائی، قاری امداداللہ نے چمن کوژک جبکہ دیگر اضلاع میں مقامی قائدین نے پہیہ جام ہڑتال، دھرنے واحتجاج کی قیادت کی۔ کوئٹہ سمیت مختلف مقامات پر قومی شاہراہوں پر پہیہ جام کے دوران سینکڑوں ٹرک کوچز و دیگر گاڑیاں رک گئی، ایمبولینس کیلئے راستے کھول دیے گئے تھے۔ دھرنے کے دوران جماعت اسلامی کے ذمہ داران وکارکنان سمیت اسلامی جمعیت طلبا، جمعیت طلبہ عربیہ، جے آئی یوتھ سمیت جماعت اسلامی کے برادر تنظیموں کے سینکڑوں کارکنان موجود ٹریفک کو روکے رکھا تھا اور حکومت کے خلاف شدید نعرے بازی کی۔ اکثر مقامات پر ٹرانسپورٹرز و تاجر نے رضا کارانہ ہڑتال میں ساتھ دیا۔ اس موقع پر جماعت اسلامی کے قائدین نے خطاب میں کہا کہ بلوچستان کے لوگوں کو کیڑے مکوڑے سمجھنا چھوڑ دیں۔ عوام کو تحفظ دیا جائے۔ زندہ بے گناہ لوگوں کو ماورائے عدالت غائب پھر ان کی مسخ شدہ لاشیں پھینکنا کہاں کا انصاف ہے یہ درندگی مزید برداشت نہیں کریں بلوچستان کے عوام بے روزگاری وغربت اور بارڈرز بندش کی وجہ سے بھوک سے مر رہے ہیں حکمران قومی دولت پر عیاشی کررہے ہیں حکمرانوں ججز و جرنیلوں اور مراعات یافتہ طبقہ وی وی آئی پیز کے نام پر عوام کو لوٹ رہے ہیں ان کیلئے گیس بجلی علاج تعلیم پانی سمیت سب کچھ مفت ہیں عوام کیلئے کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا جارہا ہے عدالت انصاف فراہم کررہی ہے نہ میڈیا آواز بلند کررہی ہے ظلم زیادتی رکھوانے میں ساتھ دے رہی ہے عدالت ومیڈیا اور پارلیمنٹ کنٹرولڈ ہے حکومت پٹرول قیمت فی لیٹر تین سال کیلئے 225 روپے مقرر لیوی کے نام پر بھتہ لینا بند کریں۔ بلوچستان کے عوام کو امن دیں لیویز و پولیس کو اختیارات وسائل وتربیت دی جائے ایف سی کو بلوچستان سے بیدخل کیا جائے۔ سیکورٹی فورسز کی تربیت کی جائے تاکہ وہ عوام کو عوام سمجھ کر عزت سے بات کریں۔ نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنے کیساتھ بارڈرز کی جائز تجارت کھول دیا جائے اہل بلوچستان کو ایران وافغانستان سے تجارت کرنے دیا جائے۔ دریں اثنا امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ کی کال پر کوئٹہ سے پنجاب وخیبر پختونخوا واسلام آباد جانے والے مین شاہراہ کو بلیلی کے قریب سملی میں بند کیا گیا جبکہ کراچی جانے والی شاہراہ کو میاں غنڈی سونا خان کے مقام پر اور حیدرآباد بولان جانے والی شاہراہ کو تیرہ میل سبی روڈ مین شاہراہ کو ہر قسم کی ٹریفک کیلئے بند کیے گئے اور اس موقع پر دھرنے دیے گئے احتجاجی دھرنوں سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالحق ہاشمی، اے این پی کے رہنما امان اللہ خان کاکڑ معتبر زئی جماعت اسلامی کے صوبائی جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ نائب امرا زاہد اختر بلوچ مولانا عبدالکبیر شاکر مولانا محمد عارف دمڑ امیر ضلع کوئٹہ عبدالنعیم رند محمد علیم عباس جمیل احمد مشوانی ودیگر نے خطاب کیا جماعت اسلامی بلوچستان کی کال پر صوبے بھر میں بدامنی، دہشت گردی، لاپتہ افراد، ٹارگٹ کلنگ کے خلاف احتجاج مین شاہراہیں بند کرکے بھرپور احتجاج کیا گیا۔ مظاہرین نے حکومت اور سیکورٹی انتظامات کی ناکامی پر بلوچستان میں پائیدار امن کے حق میں نعرے بازی کی۔ ٹائر جلائے۔ بلیلی چیک پوسٹ بائی پاس، میاں غنڈی کی شاہراہوں پر احتجاج ریلیاں دھرنے ومظاہرے کیے گئے کئی گھنٹے ٹریفک ہر قسم کی ٹریفک کیلئے بند کردی گئی۔ مقررین نے مطالبہ کیا کہ بلوچستان کے عوام کا قتل عام بند اور عوام کو تحفظ فراہم کیا جائے۔ تجارت کی بحالی قانونی تجارت کیلئے بارڈرز فوری کھول لیا جائے۔ اہل بلوچستان کو پٹرولیم مصنوعات پر بھتہ نامنظور ہے، بلوچستان کے عوام کو ایران سے پٹرولیم مصنوعات درآمد کرنے کی اجازت دی جائے۔ چیک پوسٹوں پر شہریوں وعوام کی تذلیل بند کی جائے۔

بقیہ 29

بڑھنے کی شرح 9.29 فیصد تک پہنچ گئی۔ ادارہ شماریات کی جانب سے جاری کردہ ہفتہ وار رپورٹ کے مطابق ایک ہفتے کے دوران 20 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ ہوا، جبکہ 9 اشیاء کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ ادارہ شماریات کے مطابق گزشتہ ہفتے پیاز کی قیمت میں 10.14 فیصد اضافہ ہوا، جبکہ چکن 9.19 فیصد مہنگا ہوا۔ اسی طرح دال چنا کی قیمت میں 2.43 فیصد، مرچ پاؤڈر میں 1.01 فیصد اور سرسوں کے تیل کی قیمت میں 0.99 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق چائے کی پتی 0.57 فیصد، گندم کا آٹا 0.52 فیصد مہنگا ہوا۔ سالانہ بنیادوں پر جائزہ لیا جائے تو ٹماٹر کی قیمت میں سب سے زیادہ 178.03 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، جبکہ پیاز 84.65 فیصد، گندم کا آٹا 80.02 فیصد اور ایل پی جی 53.83 فیصد مہنگی ہوئی۔ ادارہ شماریات کے مطابق ایک سال کے دوران ڈیزل کی قیمت میں 34.44 فیصد اور پٹرول کی قیمت میں 25.97 فیصد اضافہ ہوا۔ مرچ پاؤڈر 16.37 فیصد، مٹن 16.12 فیصد، کیلے 15.11 فیصد، بیف 13.81 فیصد اور سادہ ڈبل روٹی 9.37 فیصد مہنگی ہوئی۔ دوسری جانب ہفتہ وار بنیادوں پر بعض اشیاء کی قیمتوں میں کمی بھی ریکارڈ کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ ہفتے ٹماٹر 6.82 فیصد، ایل پی جی 1.90 فیصد، ڈیزل 1.66 فیصد اور پٹرول 0.63 فیصد سستا ہوا۔ اسی طرح کیلے 1.20 فیصد، چینی 0.51 فیصد اور سادہ ڈبل روٹی 0.29 فیصد سستی ہوئی۔ سالانہ بنیادوں پر قیمتوں میں کمی کا جائزہ لیتے ہوئے ادارہ شماریات نے بتایا کہ آلو 30.65 فیصد، دال چنا 17.86 فیصد، چینی 17.60 فیصد، چکن 15.65 فیصد، نمک پاؤڈر 14.09 فیصد، دال مسور 13.02 فیصد، انڈے 9.66 فیصد اور دال مونگ 6.25 فیصد سستی ہوئی۔ رپورٹ کے مطابق مہنگائی کی مجموعی صورتحال میں مختلف اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ جاری ہے، جس کا براہ راست اثر صارفین کے اخراجات پر پڑ رہا ہے۔

بقیہ 30

راہ ہموار ہوجائے گی۔ گورنر مندوخیل نے ہیلتھ کیئر اسکلز ٹریننگ میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ والے ٹاپ ٹین لرنرز کی شاندار کامیابیوں کو سراہتے ہوئے انہیں پچاس پچاس ہزار روپے نقد رقم دینے کا اعلان کیا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے حکومت بلوچستان ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن اسکولز اور یونیسف کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، میر عاصم کرد گیلو، رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ، پارلیمانی سیکرٹری برکت رند، رکن صوبائی اسمبلی کلثوم نیاز، وائس بولان میڈیکل یونیورسٹی ڈاکٹر شبیر لہڑی، سیکرٹری تعلیم لال جان جعفر، پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان عبدالناصر دوتانی، یونیسیف سے سحرش ناگی، شازیہ، افتخار شاہ، نقیب اللہ خلجی اور نور اللہ وطن دوست موجود تھے۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے ہیلتھ کیئر اسکلز ٹریننگ نمایاں کارکردگی پر، یونیسف، محکمہ تعلیم اور بولان میڈیکل یونیورسٹی کی کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ مہارتوں کی ترقی (اسکلز ڈیولپمنٹ) وقت کی اہم ترین ضرورت بن چکی ہے۔ مجھے خوشی ہے کہ بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز نے ہیلتھ اینڈ میڈیکل کے شعبوں میں مختلف ڈپلومہ پروگرامز متعارف کرائے ہیں جن کے نہایت حوصلہ افزا اور شاندار نتائج سامنے آرہے ہیں۔ میری خواہش اور بھرپور کوشش ہے کہ کوئٹہ شہر کے مضافات میں کچ روڈ کے قریب ایک ہزار بیڈز پر مشتمل جدید ہسپتال اور ایک ٹیکنیکل یونیورسٹی قائم کی جائے جہاں نوجوانوں کو ہیلتھ کیئر، انجینئرنگ، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور دیگر جدید شعبوں میں عالمی معیار کی مہارتیں فراہم کی جائیں۔ اس کے ساتھ ساتھ اسکلز ڈیولپمنٹ کو ہمارے تعلیمی نصاب کا باقاعدہ حصہ بنایا جانا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے تاکہ ہماری نوجوان نسل عملی صلاحیتوں اور جدید مہارتوں سے آراستہ ہوکر ملک و قوم کی ترقی میں موثر کردار ادا کرسکے۔ تقریب سے صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی اور وائس چانسلر ڈاکٹر شبیر لہڑی نے بھی خطاب کیا۔ قبل ازیں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے ہیلتھ کیئر سکلز ٹریننگ میں ٹاپ ٹین لرنرز میں ٹرافیاں اور منتظمین میں یادگاری شیلڈز تقسیم کیے گئے۔

بقیہ 31

کو علما کرام اور دینی قوتوں نے ہمیشہ آئینی، جمہوری اور پرامن جدوجہد کے ذریعے ناکام بنایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تاریخ گواہ ہے کہ جب بھی ملک کو مشکل اور نازک حالات کا سامنا کرنا پڑا، علما کرام نے قوم کی رہنمائی اور رہبری کا فریضہ انجام دیتے ہوئے عوام کو مایوسی سے نکالا اور انہیں اتحاد، صبر، استقامت اور آئینی جدوجہد کا راستہ دکھایا۔ مدارس دینیہ اور علما کرام نے تعلیم، اصلاح، دعوت، فلاح و بہبود اور معاشرتی خدمت کے میدان میں جو گراں قدر خدمات انجام دی ہیں، وہ قومی تاریخ کا روشن باب ہیں۔ ان خدمات کو خراج تحسین پیش کرنے کے بجائے علما اور مدارس کے خلاف منفی پروپیگنڈا، بے بنیاد الزامات اور انہیں بدنام کرنے کی کوششیں کسی صورت قابل قبول نہیں۔ دینی اداروں اور علما کرام نے ہمیشہ معاشرے کی فکری، اخلاقی اور تعلیمی تعمیر میں بنیادی کردار ادا کیا ہے۔ دریں اثنا جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کی جانب سے جاری تنظیمی دوروں کے سلسلے میں ضلعی مجلس عاملہ کے اراکین اور ضلعی کمیٹیوں نے مختلف یونٹوں کا تفصیلی دورہ کیا۔ ان دوروں میں مولانا خورشید احمد، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، مولانا محمد سلیمان، مولانا حافظ رشید احمد، حافظ مسعود احمد، مولانا شعیب جدون، مفتی محمد روزی خان بادیزئی، حاجی ولی محمد بڑیچ، حاجی محمد شاہ لالا، مفتی محمد ابوبکر، مفتی رشید احمد حقانی، حاجی عطا محمد شمشوزئی اور دیگر ذمہ داران نے شرکت کی۔ ضلعی کمیٹیوں نے محمود آباد یونٹ پشتون آباد، نواں کلی یونٹ، حلقہ 39 کلی بادیزئی یونٹ پشتون آباد، ارباب کرم خان روڈ یونٹ، حسان بن ثابت یونٹ سرکی روڈ، حلقہ 20 شالدرہ، مولانا عبدالقادر یونٹ بھوسہ منڈی، دیوبند یونٹ مشرقی بائی پاس، برکانی آباد یونٹ سمیت مختلف یونٹوں کا دورہ کیا اور وہاں منعقدہ مجالس عاملہ کے اجلاسوں میں شرکت کی۔ تنظیمی دوروں کے دوران یونٹوں کی مجموعی کارکردگی، مجالس عاملہ و شوریٰ کی فعالیت، اجلاسوں کے تسلسل، شعبہ جات کی کارکردگی، کارکنان سے رابطے، مالی نظم وضبط، تنظیمی ریکارڈ کی تکمیل، ضلعی سرکلرز و ہدایات پر عمل درآمد اور آئندہ کے تنظیمی اہداف کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ضلعی کمیٹیوں نے یونٹ ذمہ داران سے تنظیمی امور کے حوالے سے تفصیلی معلومات حاصل کیں اور درپیش مسائل، انتظامی کمزوریوں اور تنظیمی ضروریات پر مشاورت کی۔ اس موقع پر ضلعی کمیٹیوں کے اراکین نے یونٹ مجالس عاملہ کو ضلعی مجلس عاملہ کے فیصلوں، تنظیمی ترجیحات، آئندہ کے لائحہ عمل اور ذمہ داران کی ذمہ داریوں سے آگاہ کیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ یونٹوں میں باقاعدگی کے ساتھ اجلاسوں کا انعقاد یقینی بنایا جائے، کارکنان سے مسلسل رابطہ رکھا جائے، شعبہ جات کو فعال کیا جائے، تنظیمی ریکارڈ مکمل اور مرتب رکھا جائے اور ضلعی نظم کی جانب سے جاری کردہ ہدایات پر بروقت عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ تنظیمی استحکام محض اجلاسوں اور رسمی سرگرمیوں سے نہیں بلکہ مسلسل رابطے، باہمی مشاورت، ذمہ داری کے احساس، نظم و ضبط اور عملی فعالیت سے حاصل ہوتا ہے۔ اس لیے یونٹ کے ہر ذمہ دار اور کارکن کو اپنی ذمہ داری کا احساس کرتے ہوئے جماعتی سرگرمیوں میں بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔

بقیہ 32

گیا۔ اس موقع پر کاسی قلعہ آمد پر معتبرین نے مشر ملک عارف کاسی کی قیادت میں مشر صادق خان اچکزئی کا پرتپاک استقبال کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مشر صادق خان اچکزئی نے کہا کہ سیاسی جماعتوں اور لیڈرشپ نے قوم کو مایوس کیا ہے۔ مظلوم عوامی تحریک پاکستان بلوچستان میں بلوچ اور پشتون عوام کے لئے امید کی کرن ہے۔ اس موقع پر مرکزی صدر عباس درانی اور صوبائی صدر محمد اسلم اچکزئی، ملک عارف کاسی اور ارباب ندیم کاسی نے بھی خطاب کیا اور کہا کہ بلوچستان میں امن، روزگار اور کاروبار ہی صوبے کو خوشحالی دے سکتی ہے۔ مظلوم عوامی تحریک پاکستان امن اور خوشحالی کی ضمانت دیتی ہے۔ آئیے ملکر سیاسی تبدیلی اور صوبے میں بدامنی کے خاتمے کے لئے مشر صادق خان اچکزئی کے ہاتھ مضبوط کریں۔

بقیہ 33

کارکنوں کے احتجاجی دھرنے سے کراچی ٹو کوئٹہ قومی شاہراہ بند روڈ کے دونوں جانب سے گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئی مسافر شدید مشکلات سے دوچار ہوکر رہ گئے حب شہر جماعت اسلامی مظاہرین نے ملک بھر میں جاری پیٹرول مہنگا ہونے پر اور ملک بھر میں جاری مہنگائی اشیا خوردونوش سمیت تمام چیزیں مہنگی ہونے پر حکومت کے خلاف شدید نعرے بازی کی مظاہرین نے کہا کہ پٹرول حد سے زیادہ مہنگا، بجلی، گیس سمیت اشیا خوردونوش کی تمام چیزیں مہنگی ہوچکی ہیں پاکستانی عوام پریشان جماعت اسلامی کارکنان عوام کی حمایت میں سڑکوں پر نکل آئی ہے ہر چیز کی قیمت بڑھنے کی وجہ سے عام آدمی غریب طبقہ کے لوگوں کی پہنچ سے دور ہوچکا ہے عوام کا جینا محال ہوچکا ہے پٹرول کی قیمتوں میں اضافہ سمیت اشیا خوردونوش تمام چیزوں کی قیمتیں کم کی جائے بڑھائی جانے والی قیمتیں فورا واپس لیا جائے بیروزگار، عام عوام کو ریلیف دیا جائے جماعت اسلامی کارکنوں کا حکومت وقت سے مطالبہ کیا۔

بقیہ 34

ک تک بلیک ٹاپ سڑک کی تعمیر کا کام جاری ہے، جس سے شہر کے مرکزی علاقے میں آمدورفت مزید آسان اور محفوظ ہوگئی ہے۔ ماضی میں بارشوں کے دوران اس شاہراہ پر کیچڑ اور پانی جمع ہونے کے باعث شہریوں، طلبہ اور تاجروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا تھا، تاہم سڑک کی تکمیل سے یہ دیرینہ مسئلہ حل ہوگیا ہے۔ انجینئر عبدالشکور مری کی نگرانی اور موثر کاوشوں سے نہ صرف محکمہ لوکل گورنمنٹ منصوبوں پر برق رفتاری سے کام جاری ہے بلکہ لوکل گورنمنٹ کے تحت مختلف رابطہ سڑکوں اور ترقیاتی منصوبوں کی تعمیر بھی تسلسل کے ساتھ جاری ہے۔ ان منصوبوں کی تکمیل سے ضلع کوہلو میں جدید انفراسٹرکچر، بہتر سفری سہولیات اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی میں نمایاں بہتری متوقع ہے۔ عوام نے ترقیاتی منصوبوں کی رفتار کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے حکومت بلوچستان، ضلعی انتظامیہ، ایف سی میوند بریگیڈ اور محکمہ لوکل گورنمنٹ کی کاوشوں کو سراہا ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ جاری منصوبے بروقت مکمل ہونے سے کوہلو کی ترقی کا سفر مزید تیز ہوگا۔

بقیہ 35

آمد کرلیں۔ ملزمان سے اسلحہ بھی برآمد کرلیا گیا اور ان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرکے کارروائی شروع کردی۔

بقیہ 36

کہ وہ علاقے میں تعلیم، صحت، پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے ساتھ بلدیاتی نظام کے استحکام، پختہ اور معیاری سڑکوں کی تعمیر یقینی بنائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو اپنے دیگر ساتھیوں محمد اختر بزدار، تاج محمد بزدار، ماسٹر فضل محمد بزدار، ملک محمد اقبال بزدار سمیت دیگر کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں مشترکہ پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ 8 جولائی 2026 کو صوبائی حکومت نے نوٹیفکیشن کے ذریعے بلوچستان میں نئے انتظامی یونٹس قائم کیے ہیں جس کے تحت یونین کونسل راڑہ شم اور یونین کونسل اندر پڑ کو ضلع بارکھان کا حصہ بناتے ہوئے راڑہ شم کو سب ڈویژن کا درجہ دیا گیا ایک انتظامی اقدام ہے

بقیہ 01

کو علما کرام اور دینی قوتوں نے ہمیشہ آئینی، جمہوری اور پرامن جدوجہد کے ذریعے ناکام بنایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تاریخ گواہ ہے کہ جب بھی ملک کو مشکل اور نازک حالات کا سامنا کرنا پڑا، علما کرام نے قوم کی رہنمائی اور رہبری کا فریضہ انجام دیتے ہوئے عوام کو مایوسی سے نکالا اور انہیں اتحاد، صبر، استقامت اور آئینی جدوجہد کا راستہ دکھایا۔ مدارس دینیہ اور علما کرام نے تعلیم، اصلاح، دعوت، فلاح و بہبود اور معاشرتی خدمت کے میدان میں جو گراں قدر خدمات انجام دی ہیں، وہ قومی تاریخ کا روشن باب ہیں۔ ان خدمات کو خراج تحسین پیش کرنے کے بجائے علما اور مدارس کے خلاف منفی پروپیگنڈا، بے بنیاد الزامات اور انہیں بدنام کرنے کی کوششیں کسی صورت قابل قبول نہیں۔ دینی اداروں اور علما کرام نے ہمیشہ معاشرے کی فکری، اخلاقی اور تعلیمی تعمیر میں بنیادی کردار ادا کیا ہے۔ دریں اثنا جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کی جانب سے جاری تنظیمی دوروں کے سلسلے میں ضلعی مجلس عاملہ کے اراکین اور ضلعی کمیٹیوں نے مختلف یونٹوں کا تفصیلی دورہ کیا۔ ان دوروں میں مولانا خورشید احمد، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، مولانا محمد سلیمان، مولانا حافظ رشید احمد، حافظ مسعود احمد، مولانا شعیب جدون، مفتی محمد روزی خان بادیزئی، حاجی ولی محمد بڑیچ، حاجی محمد شاہ لالا، مفتی محمد ابوبکر، مفتی رشید احمد حقانی، حاجی عطا محمد شمشوزئی اور دیگر ذمہ داران نے شرکت کی۔ ضلعی کمیٹیوں نے محمود آباد یونٹ پشتون آباد، نواں کلی یونٹ، حلقہ 39 کلی بادیزئی یونٹ پشتون آباد، ارباب کرم خان روڈ یونٹ، حسان بن ثابت یونٹ سرکی روڈ، حلقہ 20 شالدرہ، مولانا عبدالقادر یونٹ بھوسہ منڈی، دیوبند یونٹ مشرقی بائی پاس، پرکانی آباد یونٹ سمیت مختلف یونٹوں کا دورہ کیا اور وہاں منعقدہ مجالس عاملہ کے اجلاسوں میں شرکت کی۔ تنظیمی دوروں کے دوران یونٹوں کی مجموعی کارکردگی، مجالس عاملہ و شوریٰ کی فعالیت، اجلاسوں کے تسلسل، شعبہ جات کی کارکردگی، کارکنان سے رابطے، مالی نظم وضبط، تنظیمی ریکارڈ کی تکمیل، ضلعی سرکلرز و ہدایات پر عمل درآمد اور آئندہ کے تنظیمی اہداف کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ضلعی کمیٹیوں نے یونٹ ذمہ داران سے تنظیمی امور کے حوالے سے تفصیلی معلومات حاصل کیں اور درپیش مسائل، انتظامی کمزوریوں اور تنظیمی ضروریات پر مشاورت کی۔ اس موقع پر ضلعی کمیٹیوں کے اراکین نے یونٹ مجالس عاملہ کو ضلعی مجلس عاملہ کے فیصلوں، تنظیمی ترجیحات، آئندہ کے لائحہ عمل اور ذمہ داران کی ذمہ داریوں سے آگاہ کیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ یونٹوں میں باقاعدگی کے ساتھ اجلاسوں کا انعقاد یقینی بنایا جائے، کارکنان سے مسلسل رابطہ رکھا جائے، شعبہ جات کو فعال کیا جائے، تنظیمی ریکارڈ مکمل اور مرتب رکھا جائے اور ضلعی نظم کی جانب سے جاری کردہ ہدایات پر بروقت عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ تنظیمی استحکام محض اجلاسوں اور رسمی سرگرمیوں سے نہیں بلکہ مسلسل رابطے، باہمی مشاورت، ذمہ داری کے احساس، نظم وضبط اور عملی فعالیت سے حاصل ہوتا ہے۔ اس لیے یونٹ کے ہر ذمہ دار اور کارکن کو اپنی ذمہ داری کا احساس کرتے ہوئے جماعتی سرگرمیوں میں بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔

بقیہ 02

کیا۔ اس موقع پر کاسی قلعہ آمد پر معتبرین نے مشر ملک عارف کاسی کی قیادت میں مشر صادق خان اچکزئی کا پرتپاک استقبال کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مشر صادق خان اچکزئی نے کہا کہ سیاسی جماعتوں اور لیڈرشپ نے قوم کو مایوس کیا ہے۔ مظلوم عوامی تحریک پاکستان بلوچستان میں بلوچ اور پشتون عوام کے لئے امید کی کرن ہے۔ اس موقع پر مرکزی صدر عباس درانی اور صوبائی صدر محمد اسلم اچکزئی، ملک عارف کاسی اور ارباب ندیم کاسی نے بھی خطاب کیا اور کہا کہ بلوچستان میں امن، روزگار اور کاروبار ہی صوبے کو خوشحالی دے سکتی ہے۔ مظلوم عوامی تحریک پاکستان امن اور خوشحالی کی ضمانت دیتی ہے۔ آیئے ملکر سیاسی تبدیلی اور صوبے میں بدامنی کے خاتمے کے لئے مشر صادق خان اچکزئی کے ہاتھ مضبوط کریں۔

بقیہ 03

کارکنوں کے احتجاجی دھرنے سے کراچی ٹو کوئٹہ قومی شاہراہ بندرروڈ کے دونوں جانب سے گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئی مسافر شدید مشکلات سے دوچار ہوکر رہ گئے حب شہر جماعت اسلامی مظاہرین نے ملک بھر میں جاری پیٹرول مہنگا ہونے پر اور ملک بھر میں جاری مہنگائی اشیا خورد ونوش سمیت تمام چیزیں مہنگی ہونے پر حکومت کے خلاف شدید نعرے بازی کی مظاہرین نے کہا کہ پٹرول حد سے زیادہ مہنگا، بجلی، گیس سمیت اشیا خورد ونوش کی تمام چیزیں مہنگی ہوچکی ہیں پاکستانی عوام پریشان جماعت اسلامی کارکنان عوام کی حمایت میں سڑکوں پر نکل آئی ہے ہر چیز کی قیمت بڑھنے کی وجہ سے عام آدمی غریب طبقہ کے لوگوں کی پہنچ سے دور ہوچکا ہے عوام کا جینا محال ہوچکا ہے پٹرول کی قیمتوں میں اضافہ سمیت اشیا خورد ونوش تمام چیزوں کی قیمتیں کم کی جائے بڑھائی جانے والی قیمتیں فوراً واپس لیا جائے بیروزگار، عام عوام کو ریلیف دیا جائے جماعت اسلامی کارکنوں کا حکومت وقت سے مطالبہ کیا۔

بقیہ 04

ہی گیروں کو درپیش مسائل، غیر قانونی ٹرالنگ، گجا مافیا کی سرگرمیوں اور سمندری وسائل کے تحفظ سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ضلعی چیئرمین نے کہا کہ موجودہ حکومت کی پالیسی کے مطابق سمندری وسائل کا تحفظ، مقامی ماہی گیروں کے قانونی حقوق کا دفاع اور ساحلی آبادی کے معاشی مفادات کا تحفظ اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام پر زور دیا کہ غیر قانونی ٹرالنگ اور غیر قانونی ماہی گیری میں ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق بلاامتیاز کارروائی کو مزید مؤثر بنایا جائے تاکہ سمندری حیات اور ماہی گیروں کے روزگار کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے ملاقات کے دوران حالیہ طوفان سے متاثر ہونے والے ماہی گیروں کی کشتیوں اور دیگر نقصانات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ڈسٹرکٹ چیئرمین نے ہدایت کی کہ نقصانات کا شفاف انداز میں تخمینہ لگا کر متاثرہ ماہی گیروں کو حکومتی پالیسی کے تحت بروقت امداد اور ریلیف کی فراہمی کے لیے متعلقہ حکام اپنی سفارشات جلد مرتب کریں، تاکہ متاثرہ خاندان دوبارہ اپنے روزگار سے وابستہ ہوسکیں اس موقع پر ضلع گوادر میں ماہی گیری کے شعبے کی بہتری، ساحلی علاقوں کی پائیدار ترقی، ماہی گیروں کی فلاح و بہبود اور متعلقہ اداروں کے درمیان مؤثر رابطوں کو مزید مضبوط بنانے پر بھی اتفاق کیا گیا۔

بقیہ 05

ئیدار ترقیاتی پالیسی کے تحت محکمہ تحفظ ماحولیات گوادر کے مختلف ماحول دوست منصوبوں پر عملدرآمد کررہی ہے جس میں ماحولیات کے تحفظ، ماحولیاتی قوانین کے مؤثر نفاذ، صنعتی و ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی، شجرکاری، آلودگی پر قابو پانے اور عوامی آگاہی کے شعبوں میں نمایاں پیش رفت کو اجاگر کیا گیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ محکمہ نے متعلقہ اداروں کے تعاون سے مختلف ترقیاتی منصوبوں کی ماحولیاتی نگرانی، ماحولیاتی اثرات کے جائزے، عوامی شکایات کے بروقت ازالے، تعلیمی اداروں میں آگاہی پروگرامز، شجرکاری مہم اور قدرتی وسائل کے تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات کیے۔ ان سرگرمیوں کا مقصد گوادر میں صحت مند، صاف ستھرا اور ماحول دوست ماحول کو فروغ دینا ہے محکمہ تحفظ ماحولیات کے مطابق حکومت بلوچستان کی پالیسی کے تحت مستقبل میں بھی ماحولیات کے تحفظ، موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے، قدرتی وسائل کے پائیدار استعمال اور عوامی شعور کی بیداری کے لیے تمام متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر مؤثر اقدامات جاری رکھے جائیں گے تاکہ گوادر کو ایک سرسبز، محفوظ اور پائیدار ضلع بنایا جاسکے۔

بقیہ 06

کٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر محمد حسن ذوکی، ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی امان شاہ، اے ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی عمران، ایم این ای آفیسر عمران بزدار اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی اجلاس کے دوران ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی امان شاہ نے ضلع بھر کے بنیادی صحت کے مراکز میں طبی سہولیات کی فراہمی، ادویات کی دستیابی، عملے کی حاضری اور جاری فیلڈ سرگرمیوں پر تفصیلی بریفنگ دی، اور کارکردگی کے حوالے سے اعداد و شمار پیش کیا اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نجیب اللہ کاکڑ نے پی پی ایچ آئی کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ محکمہ صحت اور پی پی ایچ آئی کا باہمی تعاون ضلعی سطح پر صحت کی بنیادی سہولیات کی بہتری کے لیے انتہائی اہم ہے۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ عوام کو بہترین طبی امداد کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے فیلڈ میں کارکردگی کا یہ تسلسل مزید مؤثر انداز میں جاری رکھا جائے۔

بقیہ 07

محکموں کے سربراہان نے شرکت کی اجلاس میں یوم آزادی کی تقریبات کے انعقاد، قومی پرچم کشائی، سرکاری عمارات اور اہم شاہراہوں کی سجاوٹ و چراغاں، صفائی ستھرائی، سیکیورٹی، ٹریفک مینجمنٹ سمیت انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ گوادر پورٹ اتھارٹی، گوادر ڈیولپمنٹ اتھارٹی، گوادر انڈسٹریل اسٹیٹ ڈیولپمنٹ اتھارٹی، محکمہ مواصلات وتعمیرات، محکمہ صحت عامہ، محکمہ آبپاشی، لوکل گورنمنٹ اور چیف میونسپل آفیسر گوادر شہر میں سٹی برانڈنگ کے تحت 200 اسٹریمرز اور 4 بڑے پینا فلیکس بل بورڈز نصب کریں گے، جبکہ تمام سرکاری دفاتر کو 10 اگست 2026 تک قومی پرچم، برقی قمقموں اور مناسب سجاوٹ سے آراستہ کرنے کی ہدایت کی گئی اجلاس میں محکمہ تعلیم، یونیورسٹی آف گوادر، گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج اور گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج گوادر کو مرکزی تقریب کے لیے تقاریر، ملی نغمے، ٹیبلو، قومی یکجہتی پر مبنی خاکوں اور دیگر ثقافتی پروگراموں کے انعقاد کی ذمہ داری بھی سونپی گئی اجلاس میں یہ بھی فیصلہ ہوا کہ 14 اگست کو اسسٹنٹ کمشنر گوادر کی قیادت میں یوم آزادی فلیگ مارچ ریلی نکالی جائے گی، جس میں تمام سرکاری محکموں کے افسران، اہلکار اور مختلف ادارے شرکت کریں گے۔ اسی روز صبح 9:00 بجے ڈپٹی کمشنر آفس گوادر میں مرکزی پرچم کشائی کی تقریب منعقد ہوگی، جہاں قومی پرچم لہرایا جائے گا، قومی ترانہ پیش کیا جائے گا اور وطن عزیز کی ترقی، خوشحالی، امن اور استحکام کے لیے خصوصی دعائیں کی جائیں گی

بقیہ 08

ضلع کوئٹہ کے ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات اختر جان مری مولانا عبدالبصیر مولانا سید سعد اللہ آغا مولانا محمد عارف شمشیر اور نجم المدارس یونٹ کلی چلتن رئیسانی ہزار گنجی کے امیر مولانا محمد طاہر توحیدی جنرل سیکرٹری ڈاکٹر ظفر اللہ جنگ و دیگر نے کہا کہ جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ ہزار گنجی میں بدامنی کے واقعات پر خاموش نہیں رہ سکتی اب عوام کی جان و مال کے تحفظ کے لئے ہر محاذ پر عوامی قوت سے آواز بلند کریں گے گزشتہ روز محمد نبی کاکڑ کی شہادت عظیم سانحہ ہے ریاست عوام کے جان و مال کی حفاظت کے لیے ٹھوس اقدامات کریں انہوں نے کہا کہ جمعیت نے ہمیشہ قیام امن کے لیے دستہ اول کا کردار ادا کیا ہے ہزار گنجی منڈی اور صوبائی دارالحکومت کوئٹہ شہر میں آئے روز بدامنی کے واقعات رونما ہورہی ہے ضلعی انتظامیہ خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں نامعلوم کے حکمرانی ہیں انہوں نے کہا کہ ہزار گنجی ایشیا کے دوسرے نمبر منڈی ہیں بدامنی کے واقعات ناقابل برداشت عمل ہیں جے یو آئی ضلع کوئٹہ ہزار گنجی میں قیام امن کے مخدوش صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتی ہے اور تمام سیاسی جماعتوں اور انجمن تاجران کے تنظیموں سے اپیل کرتے ہیں کہ اب سب مل کر ہزار گنجی میں قیام امن کے لیے مشترکہ احتجاجی تحریک چلائیگی پریس کانفرنس میں جمعیت علمائے اسلام نجم المدارس یونٹ کلی چلتن رئیسانی ہزار گنجی کے مجلس عاملہ کے اراکین نے بھرپور شرکت کی۔

بقیہ 09

اس سلسلے میں صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان علی اصغر سیال نے واضح کیا ہے کہ ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر امیدواروں اور سیاسی جماعتوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ مزید براں انہوں نے تمام سیاسی جماعتوں اور امیدواروں کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ وہ مہم کے اختتامی وقت کا مکمل خیال رکھیں اور ضابطہ اخلاق کی پابندی کو یقینی بنائیں تاکہ انتخابی عمل شفاف، منصفانہ اور پرامن ماحول میں مکمل ہوسکے۔ واضح رہے کہ ان ضمنی بلدیاتی انتخابات میں مجموعی طور پر 28 امیدوار حصہ لے رہے ہیں۔ ان انتخابی حلقوں میں رجسٹرڈ ووٹرز کی مجموعی تعداد 11 ہزار 720 ہے، جن میں 6 ہزار 152 مرد اور 5 ہزار 568 خواتین ووٹرز شامل ہیں۔ پولنگ کے لئے مجموعی طور پر 16 پولنگ اسٹیشنز قائم کئے گئے ہیں، جن میں 5 مرد، 5 خواتین جبکہ 6 مشترکہ پولنگ اسٹیشنز شامل ہیں۔ سیکیورٹی انتظامات کے تحت 05 پولنگ اسٹیشنز کو انتہائی حساس، 09 کو حساس جبکہ 02 پولنگ اسٹیشنز کو نارمل قرار دیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ پولنگ 09 اگست 2026 بروز اتوار کو صبح 8 بجے سے شام 4 بجے تک ہوگی۔

بقیہ 10

40 سولر اسٹریٹ لائٹس کی افتتاحی تقریب میں شرکت کی۔ اس منصوبے کا مقصد ہسپتال کے احاطے میں رات کے وقت مؤثر روشنی کی فراہمی اور مریضوں، تیمارداروں اور عملے کے لیے محفوظ اور بہتر ماحول فراہم کرنا ہے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) مقبول انور، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر عبدالوحید بلیدی، پرنسپل مکران میڈیکل کالج ڈاکٹر افضل خالق، ڈاکٹر میران دشتی، ڈاکٹر آصف بلوچ، ڈاکٹر عطا اللہ، پی اے ٹو کمشنر ناصر حسن اور دیگر ڈاکٹرز و متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ افتتاح کے بعد کمشنر مکران ڈویژن نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات، بالخصوص ایمرجنسی اور چلڈرن ایمرجنسی وارڈ کا دورہ کیا اور وہاں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنر کیچ کو ہدایت کی کہ ہسپتال میں جاری ترقیاتی اور بہتری کے منصوبوں کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو مزید معیاری طبی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ کمشنر مکران ڈویژن نے کہا کہ عوامی فلاح کے منصوبوں میں بین الادارہ تعاون نہایت اہم ہے، اور سولر اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب سے ہسپتال کے روشنی کے نظام میں نمایاں بہتری آئے گی، جس سے مریضوں، تیمارداروں اور ہسپتال کے عملے کو براہ راست فائدہ پہنچے گا۔ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر عبدالوحید بلیدی نے کمشنر مکران ڈویژن کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ سولر اسٹریٹ لائٹس کی فراہمی سے ہسپتال کے ماحول اور سہولیات میں نمایاں بہتری آئے گی، جس سے علاج کے لیے آنے والے شہریوں کو زیادہ سہولت میسر ہوگی۔ واضح رہے کہ کمشنر مکران ڈویژن و پروجیکٹ ڈائریکٹر میرانی ہاؤسنگ اسکیم کی جانب سے ٹیچنگ ہسپتال تربت میں سولر اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب کے لیے 37 لاکھ 89 ہزار 947 روپے کی گرانٹ فراہم کی گئی، جس کے ذریعے ہسپتال کے احاطے میں جدید سولر لائٹنگ سسٹم نصب کیا گیا ہے۔

بقیہ 11

کے والد، ماسٹر عنایت اللہ جنگ، کے قتل نے نہ صرف ایک خاندان کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا بلکہ بلوچستان میں خواتین کے تحفظ، انسانی حقوق، قانون کی حکمرانی اور انصاف کی فراہمی پر بھی سنگین سوالات کھڑے کر دیے ہیں۔ ایواء جی الائنس بلوچستان کا مؤقف ہے کہ اگر متاثرہ خاندان کی جانب سے بار ہا دی گئی درخواستوں، مسلسل موصول ہونے والی مبینہ دھمکیوں اور تحفظ کی اپیلوں کے باوجود مؤثر اقدامات نہیں کیے گئے تو یہ معاملہ انتہائی تشویشناک ہے

بقیہ 12

جنرل آف پولیس کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) عمران شوکت اور ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر منعقدہ کھلی کچہری کے دوران شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر ڈی ایس پی قائد آباد علی رضا، ڈی ایس پی اسحاق علی چنگیزی، ایس ایچ او قائد آباد کامران بھٹی، ایس ایچ او گوالمنڈی رؤف جبار شاہوانی سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ کھلی کچہری منعقد کرنے کا مقصد علاقے کے معززین، عمائدین، شہریوں سمیت تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے لوگوں سے ملاقات کرکے علاقے کی صورتحال پر نظر رکھنے اور لوگوں کو پولیس سمیت دیگر حوالوں سے درپیش مشکلات اور مسائل کے حل کیلئے ان کی شکایات کا ازالہ اور تجاویز پر عملدرآمد کو یقینی بنانا ہے انہوں نے لوگوں کی شکایات سننے کے بعد ان پر فوری عملدرآمد کیلئے متعلقہ آفیسران کو ہدایت جاری کی۔ انہوں نے کہا کہ پولیس کی ذمہ داری ہے کہ عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنائے اور عوام پولیس پر اعتماد کرے کہیں بھی جرائم پیشہ عناصر یا ملک دشمن سرگرمیوں میں ملوث عناصر کی موجودگی کا علم ہو تو پولیس کو بتائیں تاکہ پولیس اپنی ذمہ داری نبھاتے ہوئے ایسے عناصر کی بیخ کنی کو یقینی بنائے۔ کیونکہ پولیس اور عوام نے ملکر ہی اس شہر کی بہتری اور امن کی بحالی کیلئے اپنا کردار ادا کرنا ہے۔

بقیہ 13

اپنے ایک دوست کے ہمراہ روزگار کی تلاش میں ایران گئے تھے، جہاں ان کے بقول انہیں اغوا کرکے پہاڑی علاقے میں منتقل کردیا گیا۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ وہاں ان کی ملاقات کالعدم بلوچ لبریشن فرنٹ کے کمانڈر قمر بروہی سے ہوئی، جس کے بعد وہ تنظیم کے ساتھ منسلک ہوگئے۔ ان کے مطابق انہوں نے تقریباً چھ ماہ تک تنظیم کے ساتھ رہ کر عسکری تربیت حاصل کی اور تمپ و بلیدہ کے علاقوں میں دو حملوں میں حصہ لیا۔ ارمان بلوچ کا کہنا تھا کہ بعد ازاں انہیں احساس ہوا کہ یہ راستہ غلط ہے، تاہم تنظیم چھوڑ کر گھر واپس جانے کی خواہش پر انہیں تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ ارمان بلوچ نے کہا کہ وہ آئندہ کبھی کسی غیر قانونی سرگرمی میں ملوث نہیں ہوں گے اور ریاستی اداروں سے معافی کے طلبگار ہیں۔ انہوں نے بلوچستان کے نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ عسکری تنظیموں کے پروپیگنڈے اور جھوٹے دعوؤں کے جھانسے میں نہ آئیں، اپنے ملک سے وفادار رہیں اور ایک ذمہ دار شہری کی حیثیت سے زندگی گزاریں۔ بیان میں یہ مؤقف بھی اختیار کیا گیا کہ نوجوانوں کی جانب سے عسکری تنظیموں سے لاتعلقی کے اعلانات ان تنظیموں کے بیانیے اور پروپیگنڈے کو مسترد کرنے کی عکاسی کرتے ہیں۔

بقیہ 14

سمیت اغوا کرلیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق کارگو بس میں بڑی مقدار میں چاول اور آم لدے ہوئے تھے۔ مسلح افراد بس کو اپنے ساتھ نامعلوم مقام پر لے گئے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے کی اطلاع ملتے ہی علاقے میں سرچ آپریشن شروع کردیا گیا ہے اور کارگو بس، عملے اور ملزمان کی تلاش جاری ہے۔ واقعے کی مختلف پہلوؤں سے تحقیقات بھی کی جارہی ہیں۔

بقیہ 15

ین خان مگسی باصلاحیت اور بہترین پارلیمنٹیرین ہیں جو ہمیشہ پارٹی کے کارکنوں کو عزت واحترام کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور انکے مسائل حل کرنے کی کوشش کرتے گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل اور وزیراعلیٰ بلوچستان سے مطالبہ ہے کہ دونوں پارلیمانی سیکرٹریز کو صوبائی کابینہ میں اہم وزارت اور کلیدی ذمہ داریاں سونپی جائیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سید جہانگیر شاہ نے کہا کہ حاجی ولی محمد نورزئی اور نوابزادہ زرین خان مگسی نے جب سے پارلیمانی سیکرٹریز کی ذمہ داریاں سنبھالی ہیں وہ بلارنگ ونسل عوام اور مسلم لیگ (ن) کے کارکنوں کی خدمت کررہے ہیں اور انکے مسائل حل کرنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان رہنماؤں کا عوام اور کارکنوں سے قریبی تعلق انہیں ایک ممتاز سیاسی رہنما بناتا ہے۔ سید جہانگیر شاہ نے کہا کہ بلوچستان کو اسوقت ایسے مخلص، دیانتدار اور باصلاحیت رہنماؤں کی ضرورت ہے جو عوام کے دکھ درد میں شریک ہوں اور انکے مسائل حل کرنے کیلئے عملی اقدامات کریں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں صوبائی حکومت کو تجربہ کار اور عوامی خدمت کا جذبہ رکھنے والے افراد کی اشد ضرورت ہے جبکہ عوام کی صوبائی کابینہ سے بہت سی توقعات وابستہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم گورنر بلوچستان شیخ جعفرخان مندوخیل اور وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ پارلیمانی سیکرٹری حاجی ولی محمد نورزئی اور نوابزادہ زرین مگسی کو صوبائی کابینہ میں اہم وزارت دیں تاکہ وہ مزید بہتر طریقے سے عوام کی خدمت کرسکیں۔

بقیہ 16

لائنوں کی ضروری مرمت اور ترقیاتی کام کیے جارہے ہیں۔ اس سلسلے میں 9 اگست کو (بروز اتوار) شیخ ماندہ گرڈاسٹیشن کے 11kv ایئرپورٹ روڈ، چشمہ، واریم، عمر، ویسٹرن بائی پاس، کنڈنی سینڈیمن سی ٹی ایس، آریا ہسپتال، ادیان فیڈروں سے صبح 10:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک نیز اسی روز مری آباد گرڈاسٹیشن کے گلستان روڈ، حالی روڈ فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند رہیگی۔ اسی طرح 10 اگست کو (بروز پیر) مری آباد گرڈاسٹیشن کے مری آباد، کاسی ون، کاسی ٹو فیڈرز جبکہ کوئٹہ سٹی گرڈاسٹیشن کے 11kv اولڈ منگلی، پی اے ایف، انٹرکنیکٹر فیڈروں سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے جبکہ شیخ ماندہ گرڈاسٹیشن کے 11kv جبل نور، ویسٹرن بائی پاس، خروٹ آباد، تکاتو، ادیان، دوشین، واریم فیڈروں سے صبح 10:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک بجلی بند ہوگی۔ اسکے علاوہ 10 اگست کے روز زرغون گرڈاسٹیشن کے 11kv نواں کلی بائی پاس، صاحبزادہ، ایف سی، عسکری ون فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔ تاہم کیسکو نے بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔

بقیہ 17

عزیز احمد شاہ امروٹی ودیگر نےکہا کہ کشمیر سے زیادہ بلوچستان کی حالات خراب ہے کشمیر پر رونے کی بجائے بلوچستان کی حالات پر روئے۔ قومی شاہراہوں پر قتل، بدامنی اور گاڑیوں کی جلانے جیسی بڑھتی ہوئی وارداتیں معمول بن چکی ہے۔ حکومت امن وامان کے قیام میں مکمل طور پر ناکام ہوچکی ہے۔ شاہراہیں غیر محفوظ وحکومتی وانتظامی اداروں کے قابو سے باہر ہوچکی ہے حکومت نے تاجروں اور ٹرانسپوٹروں کو ڈاکوؤں اور دہشت گردوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہیں۔ انہوں نےکہا کہ پورے صوبے میں کہیں بھی حکومت کی رٹ دکھائی نہیں دیتی۔ قومی شاہراہوں، اور صوبے کی تمام اضلاع میں بدامنی کے باعث عوام کہیں پر بھی محفوظ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ بدامنی کی حالات میں مہنگائی اور پیٹرولیم مصنوعات کی ہوشربا اضافہ نے عوام کو ایک اذیت ناک زندگی گزارنے پر مجبور کردیا۔ حکومت بدامنی ومہنگائی کی ستائی عوام پر پیٹرولیم مصنوعات پیٹرول اور ڈیزل پر 117 لیوی ڈال رہی ہے انہوں نے کہا کہ ملک آج جس بدامنی، مہنگائی اور معاشی بحران اور مسائل کا سامنا کررہی ہے پاکستان کی تاریخ میں عوام نے ایسے حالات نہیں دیکھا ہے انہوں نے کہا کہ شاہراہوں پر بوزر، مال بردار گاڑیوں کو جلاتے، لوٹ مار حکومت کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے تاجروں اور ٹرانسپوٹرز نے گاڑیوں کو کھڑی کردی جس کی باعث بلوچستان میں خوردنی اشیا کی قلت پیدا ٹرانسپوٹرز، ڈرائیوروں اور تاجروں کو اربوں روپے کا نقصان پہنچ چکی ہے بلوچستان کے اندرون ملک سامان کی ترسیل، ہمسایہ ملک کے ساتھ تجارت رک گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی عدم سنجیدگی سے بلوچستان میں بدامنی کی آگ جل رہی ہیں بلوچستان نوگو ایریا بن چکے ہیں پورے صوبے میں کہیں بھی حکومت کی رٹ دکھائی نہیں دیتی۔ عوام کی عزتیں مال و جان سب کچھ داؤ پر لگ چکی ہے۔

بقیہ 18

خیل، لورالائی، سنجاوی زیارت، سبی، ہرنائی میں زبردست اور ولولہ انگیز احتجاجی مظاہروں و اجتماعات منعقد کیے۔ احتجاجی ریلیوں میں شرکاء نے عمران خان کی سیاسی سزا ختم کرو، ملکی آئین کو بحال کرو، جمہوریت کو بحال کرو، عدلیہ اور میڈیا کی آزادی بحال کرو، ملک میں سویلین اتھارٹی بحال کرو، آمریت مردہ باد، جمہوریت زندہ آباد، عمران خان، علی وزیر، ماہرنگ بلوچ اور سیاسی اسیروں کو رہا کرو، تحریک تحفظ آئین پاکستان زندہ آباد کے فلک شگاف نعرے لگائیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ملک اس وقت جن ہمہ جہت بحرانوں کا سامنا ہے اس میں سرفہرست معاشی بحران ہے ساتھ ہی 26ویں، 27ویں آئینی ترمیمات کے ذریعے میڈیا اور عدلیہ کے آزادی کو پامال کیا گیا۔ اس وقت پارلیمنٹ کی بے توقیری جاری ہے۔ آئین و جمہوریت کو پامال کیا گیا اور سب سے بڑھ کر سیاسی عدم استحکام کی وجہ سے ملک کے ہمہ جہت بحران روز بروز گہرے ہوتے جارہے ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ملک کو اپنے تاریخ کی بدترین مہنگائی، بیروزگاری کا سامنا ہے اور بالخصوص بلوچستان اور خیبر پشتونخوا میں رزق روزگار اور قانونی جائز تجارتی پابندیاں دراصل ہمارے عوام کے تجارت اور روزگار کو ختم کرنے کے مترادف ہیں اور پشتونوں کی معاشی قتل عام کرکے ان کو دیوار سے لگایا جارہا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ایک منصوبے اور پلان کے مطابق دہشت اور وحشت منصوبہ بندی کیساتھ پراکسیز کے ذریعے پھیلائی جارہی ہے جس کا خاتمہ اور امن و امان ضروری ہے۔ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی پشتونخوا وطن کے امن کیلئے کوئٹہ اور پشاور میں جرگے منعقد کرنے جارہی ہے کوئٹہ کا سہ روزہ جرگہ 31,30 اگست یکم ستمبر کوئٹہ میں منعقد ہوگا جبکہ پشاور جرگہ کا اعلان بعد میں کیا جائیگا۔ مقررین نے کہا کہ تحریک تحفظ آئین پاکستان کے کارکنوں، بہی خواہوں اور عوام کا مظاہروں میں بہت بڑی تعداد میں شرکت دراصل موجودہ مسلط نام نہاد فارم 47 کی حکومت اور ان کی پالیسیوں پر عدم اعتماد کی کھلی مظہر ہے جبکہ ملک کے بحرانوں کے خاتمہ کیلئے سیاسی ڈائیلاگ ضروری ہے

بقیہ 19

ان کے خاندان کے لیے ناقابل تلافی سانحہ ہے بلکہ پورے معاشرے کے لیے باعث تشویش اور قانون کی حکمرانی پر ایک سنگین سوالیہ نشان ہے۔ ویمن پارلیمنٹری کاکس اس امر کا اعادہ کرتی ہے کہ خواتین کے خلاف تشدد، جبری شادی، اغوا، دھمکیوں اور خوف و ہراس کے ذریعے مرضی مسلط کرنے کی ہر کوشش کسی بھی مہذب معاشرے میں ناقابل قبول اور ناقابل برداشت ہے۔ ویمن پارلیمنٹری کاکس مطالبہ کرتی ہے کہ اس واقعے میں ملوث تمام مبینہ ملزمان کو فوری طور پر گرفتار کرکے قانون کے مطابق شفاف تحقیقات کے بعد قرار واقعی سزا دی جائے۔ ویمن پارلیمنٹری کاکس نے اس معاملے پر متعلقہ حکام سے مسلسل رابطہ قائم رکھا ہے اور اپنی شدید تشویش سے انہیں بھی آگاہ کیا ہے۔ مزید برآں، بلوچستان صوبائی اسمبلی کے حالیہ اجلاس میں بھی اس معاملے کو بھرپور انداز میں اٹھایا گیا، جس پر جناب اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی نے اپنی رولنگ کے ذریعے انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان کو ہدایت دی کہ تمام مبینہ ملزمان کی جلد از جلد گرفتاری کو یقینی بنایا جائے، قانون کے مطابق مؤثر کارروائی عمل میں لائی جائے، اور اس ضمن میں پیش رفت سے متعلق رپورٹ پیر تک بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع کرائی جائے۔ ویمن پارلیمنٹری کاکس حکومت بلوچستان اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے اس افسوسناک واقعے کا سخت نوٹس لینے کو سراہتی ہے۔ کاکس اس معاملے میں متعلقہ حکام کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے تاکہ مقدمے کی تفتیش اور قانونی کارروائی کو ترجیحی بنیادوں پر آگے بڑھایا جائے، ذمہ دار عناصر کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے، اور متاثرہ خاندان کو بروقت تحفظ اور ہر ممکن معاونت فراہم کی جا سکے۔ ویمن پارلیمنٹری کاکس اسما جنگ اور ان کے خاندان کے ساتھ مکمل یکجہتی اور غیر متزلزل حمایت کا اظہار کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کرتی ہے کہ انصاف کی فراہمی تک ان کے شانہ بشانہ کھڑی رہے گی۔ کاکس خواتین کے حقوق کے تحفظ، قانون کی حکمرانی کے استحکام اور ایک محفوظ، منصفانہ اور جوابدہ بلوچستان کے قیام کے لیے اپنی وابستگی کا بھی اعادہ کرتی ہے۔

بقیہ 20

دبھائی کے گھر پر ہونے والے حملے اور محمد دورند کی شہادت کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ انتہائی بزدلانہ، افسوسناک اور قابل مذمت واقعہ ہے، جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے واقعات نہ صرف علاقے کے امن وامان کو نقصان پہنچاتے ہیں بلکہ عوام میں خوف و ہراس بھی پھیلاتے ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ اس افسوسناک واقعے میں ملوث عناصر کو فوری طور پر گرفتار کرکے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے تاکہ آئندہ ایسے واقعات کی مؤثر روک تھام یقینی بنائی جاسکے۔ میر عبدالرف رند نے کہا کہ تشدد، حملوں اور دھمکیوں کا راستہ اختیار کرنا کسی بھی مہذب معاشرے کے لیے انتہائی نقصان دہ ہے۔ انہوں نے حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں پر زور دیا کہ عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے مؤثر، ٹھوس اور عملی اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے رکن بلوچستان اسمبلی خیر جان بلوچ اور دیگر لواحقین سے دلی ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید محمد دورند کو اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کے درجات بلند فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل اور حوصلہ عطا فرمائے۔ انہوں نے اس واقعے میں زخمی ہونے والے عابد حسین رند کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے بھی دعا کی۔

بقیہ 21

ک، جنگ بلیک ٹاپ سڑک کی تعمیر کا کام جاری ہے، جس سے شہر کے مرکزی علاقے میں آمد و رفت مزید آسان اور محفوظ ہوگئی ہے۔ ماضی میں بارشوں کے دوران اس شاہراہ پر کیچڑ اور پانی جمع ہونے کے باعث شہریوں، طلبہ اور تاجروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا تھا، تاہم سڑک کی تکمیل سے یہ دیرینہ مسئلہ حل ہوگیا ہے۔ انجینئر عبدالشکور مری کی نگرانی اور مؤثر کاوشوں سے نہ صرف محکمہ لوکل گورنمنٹ منصوبوں پر برق رفتاری سے کام جاری ہے بلکہ لوکل گورنمنٹ کے تحت مختلف رابطہ سڑکوں اور ترقیاتی منصوبوں کی تعمیر بھی تسلسل کے ساتھ جاری ہے۔ ان منصوبوں کی تکمیل سے ضلع کوہلو میں جدید انفراسٹرکچر، بہتر سفری سہولیات اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی میں نمایاں بہتری متوقع ہے۔ عوام نے ترقیاتی منصوبوں کی رفتار کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے حکومت بلوچستان، ضلعی انتظامیہ، ایف سی میوند بریگیڈ اور محکمہ لوکل گورنمنٹ کی کاوشوں کو سراہا ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ جاری منصوبے بروقت مکمل ہونے سے کوہلو کی ترقی کا سفر مزید تیز ہوگا۔

بقیہ 22

آمد کرلیں۔ ملزمان سے اسلحہ بھی برآمد کرلیا گیا اور ان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرکے کارروائی شروع کردی۔

بقیہ 23

کہ وہ علاقے میں تعلیم، صحت، پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے ساتھ بلدیاتی نظام کے استحکام، پختہ اور معیاری سڑکوں کی تعمیر یقینی بنائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو اپنے دیگر ساتھیوں محمد اختر بزدار، تاج محمد بزدار، ماسٹر فضل محمد بزدار، ملک محمد اقبال بزدار سمیت دیگر کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں مشترکہ پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ 8 جولائی 2026 کو صوبائی حکومت نے نوٹیفکیشن کے ذریعے بلوچستان میں نئے انتظامی یونٹس قائم کئے ہیں، جس کے تحت یونین کونسل راڑہ شم اور یونین کونسل احمد بزکو ضلع بارکھان کا حصہ بناتے ہوئے راڑہ شم کو سب ڈویژن کا درجہ دیا گیا ایک انتظامی اقدام ہے جس سے ہمارے لوگوں کے لئے آسانیاں پیدا ہوں گی۔ راڑہ شم سب ڈویژن کوہ سلیمان ڈویژن کے مرکز رکھنی سے 30 کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے جہاں تجارتی، معاشی مرکز بننے کی صلاحیت موجود ہے اور وہاں پر کاروبار سرمایہ کاری اور روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے اور مقامی لوگوں کے لئے روزگار کی نئی راہیں راڑہ شم اور ملحقہ علاقوں کے نوجوان تعلیم یافتہ ہیں اور علاقے تعمیر و ترقی چاہتے ہیں انہوں نے کہا کہ موسیٰ خیل کھیتران قبائل کے درمیان صدیوں سے دیرینہ برادرانہ تعلقات قائم ہے جو ایک دوسرے کے غم، خوشی میں شریک ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا علاقہ اکیسویں صدی میں جدید دور کی سہولیات سے محروم ہیں۔ نوجوان بے روزگار ہیں۔ تعلیم صحت، پینے کے صاف پانی اور سڑکوں حالت کی زار ناگفتہ بہ ہے ہم وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے شکر گزار ہے کہ انہوں نے راڑہ شم کو سب ڈویژن قائم کرکے اسسٹنٹ کمشنر تعینات کیا ہے علاقے میں جدید سہولیات سے آراستہ ہسپتال، تعلیمی ادارے، پینے کے صاف پانی کے منصوبے، بلدیاتی نظام کی بہتری، سڑکوں کی تعمیر ناگزیر ہے ہمیں امید ہے کہ اس صورتحال علاقہ ترقی کرے گا ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ہمارے نوجوان علاقے میں سہولیات نہ ہونے کی وجہ سے پنجاب کے علاقوں میں تعلیم اور صحت کے سہولیات کے حصول کے لئے جاتے ہیں اگر ہمارے علاقوں میں تعلیم، صحت سمیت دیگر زندگی کی بنیادی سہولیات میسر ہوں تو ہمیں کوئٹہ یا پنجاب جانے کی ضرورت نہیں پڑے گی حکومت نے اب توجہ دی ہے جو خوش آئند اقدام ہے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ماضی میں برسراقتدار آنے والے نمائندوں علاقوں اور بسنے والے لوگوں کو نظر انداز کرکے وسائل کو اجتماعی مفاد کی بجائے ذاتی مفاد پر خرچ کیا جس کی وجہ سے علاقہ اور مکین زبوں حالی کا شکار ہے۔

بقیہ 24

صفائی عملے کی جانب سے شہر کے مختلف زونز میں کچرے کی صفائی، نالیوں کی صفائی، سڑکوں اور بازاروں کی صفائی، کچرے کی منتقلی اور سڑکوں کے کناروں کی بہتری کا کام جاری رکھا گیا۔ کمشنر ہاؤس، طوف روڈ، ڈپٹی کمشنر آفس اور مختلف رہائشی علاقوں میں بھی صفائی اور پانی کے چھڑکاؤ کا عمل مکمل کیا گیا۔ اسی طرح سلیم داد ولی کمپلیکس زون، دارالعلوم روڈ، صدر بازار، باگی بازار، کانگڑی مسجد روڈ، ڈاکخانہ روڈ، تحصیل روڈ، سبزی منڈی، نئی محلہ، انور صاحب گلی اور پولیس لائن سمیت مختلف علاقوں میں نالیوں اور کچرے کی صفائی کی گئی۔ باران زون میں فٹبال اسٹیڈیم کی صفائی کے ساتھ سڑک کے کنارے چونا ڈالنے کا کام بھی کیا گیا، جبکہ شہر میں لگائے گئے درختوں کو پانی دینے کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ میونسپل کمیٹی کی جانب سے شہر میں آوارہ کتوں کے خاتمے کے لیے کارروائی کے بعد مردہ کتوں کی صفائی اور منتقلی کا عمل بھی مکمل کیا گیا۔ کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ نے کہا ہے کہ صاف ستھرا اور خوبصورت لورالائی شہریوں کا حق ہے، شہر کی صفائی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے متعلقہ اداروں کو صفائی کے معیار کو برقرار رکھنے اور روزانہ کی بنیاد پر صفائی کا عمل جاری رکھنے کی ہدایت کی۔ چیف آفیسر محب اللہ بلوچ نے کہا کہ میونسپل کمیٹی کا عملہ شہر کے مختلف علاقوں میں مسلسل متحرک ہے، صفائی کے ساتھ ساتھ درختوں کی نگہداشت اور شہری ماحول کی بہتری پر بھی خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔

بقیہ 25

۔ پولیس ذرائع کے مطابق کارگو بس میں بڑی مقدار میں چاول اور آم لدے ہوئے تھے۔ مسلح افراد بس کو اپنے ساتھ نامعلوم مقام پر لے گئے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے کی اطلاع ملتے ہی علاقے میں سرچ آپریشن شروع کردیا گیا ہے اور کارگو بس، عملے اور ملزمان کی تلاش جاری ہے۔ واقعے کی مختلف پہلوؤں سے تحقیقات بھی کی جارہی ہیں۔

بقیہ 26

ہوئے کہا ہے کہ ہمیں بڑھتی ہوئی مہنگائی اور زمینی حقائق کے مطابق 280 روپے فی کلو ریٹ دیا جائے اگر ہمارے مطالبے پر عملدرآمد نہ کیا گیا تو ہم عدالت سمیت تمام فورم کا دروازہ کھٹکھٹائیں گے اور اپنا حق لیں گے یہ بات انہوں نے جمعرات کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی اس موقع پر حاجی محمد یونس، حاجی ماجد، عرفان گجر، احسن گجر، بلال محمد، حاجی میر خان سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت بڑھتی ہوئی مہنگائی کے مطابق پاکستان کے بڑے شہروں میں دودھ کے نرخ 240 روپے فی کلو سے لیکر 280 روپے فی کلو مقرر ہے بلکہ بلوچستان کے گرین بیلٹ کے نام سے مشہور علاقے نصیر آباد میں سرکاری ریٹ کے مطابق ہول سیل دودھ کے نرخ 260 روپے فی کلو مقرر کیا ہے اس کے علاوہ نوشکی میں گاہے کا دودھ 200 روپے فی کلو فروخت ہورہا ہے نصیر آباد میں زرعی علاقہ ہونے کی وجہ سے ہر قسم کا راشن اور اس کی پیداوار بھی ہے اور کسی دوسرے صوبے سے منگوایا جائے یہاں کی نسبت وہاں پر 75 فیصد کم قیمت پر دستیاب ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہم ملک کے مختلف شہروں کے سرکاری نرخ آپ کے ذریعے حکام بالا تک پہنچانا چاہتے ہیں کراچی میں ہول سیل ریٹ 225 روپے، پشاور 280 روپے، ایبٹ آباد 250 روپے، مانسہرہ 230 روپے، حیدر آباد 215 روپے مقرر ہے ہمارا مطالبہ ہے کہ ہمیں کاسٹ آف پروڈیکشن کے مطابق ریٹ دیا جائے حالانکہ محکمہ لائیوسٹاک کئی ماہ سے ڈیری فارم کوئٹہ میں قائم اپنی دکان پر گائے کا دودھ 290 روپے فی کلو کے حساب سے فروخت کررہا ہے اسے سبسڈائز ریٹ پر کم ریٹ پر فروخت کرنا چاہئے لیکن ایسا نہیں کیا جاتا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں حکومت اور لائیوسٹاک کی جانب سے جس کا سالانہ بجٹ 6 سے 7 ارب روپے ہے میں سے کسی قسم کی کوئی سہولت ادویات، جانوروں کی ویکسینیشن بلکہ یہاں تک کہ جب جانور بیمار ہوتا ہے تو اس کی معاونت بھی نہیں کی جاتی اکثر دیکھنے میں آیا ہے یہاں کی ویکسینیشن دوسرے صوبوں اور بازار میں فروخت ہوتی ہے ہم نے اس سلسلے میں سیکرٹری لائیوسٹاک سے متعدد بار ملنے کی کوشش کی لیکن ان کی سیٹ پر غیر موجودگی کی وجہ سے تاحال ملاقات نہ ہوسکی انہوں نے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے 200 روپے فی کلو دودھ کے نرخ نامے کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہمیں بڑھتی ہوئی مہنگائی کے تناسب سے 280 روپے فی کلو دودھ کا ریٹ دیا جائے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے سنگین حالات اور قومی شاہراہوں کی بندش کی وجہ سے پاکستان کے دیگر صوبوں اور بڑے شہروں سے یہاں پر جانوروں کے لئے چارہ، ونڈا اور دیگر اجناس لانے کے لئے ٹرانسپورٹر تیار نہیں ہمیں یہ سامان لانے کے لئے اضافی بھاری اخراجات اٹھانے پڑتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم ملاوٹ اور مضر صحت اشیا خورد و نوش دودھ دہی، کھانے پینے کی چیزوں میں ملاوٹ کے خلاف ہیں اس کے لئے بلوچستان فوڈ اتھارٹی کا ادارہ قائم کیا گیا ہے جس کا کام اس کی چیکنگ کرکے عوام کو حفظان صحت کے حصولوں کے مطابق کھانے پینے کی اشیاء، دودھ، دہی سمیت دیگر معیاری اور خالص چیزوں کی فراہمی یقینی بنانا ہے جس میں وہ اپنی ذمہ داری نبھانے میں تاحال ناکام ہے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ہم فلاحی ادارہ نہیں ہمارا کاروبار ہے حکومت ہمیں ریلیف دے لیکن ہمیں مہنگائی کے تناسب سے ریٹ بھی نہیں مل رہا ہے۔

بقیہ 27

تصدیق اور دیگر انتظامی معاملات پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ وفد نے بلوچستان کے کنٹریکٹرز کو پیش آنے والی مشکلات سے رجسٹرار کو آگاہ کیا اور ان مسائل کے جلد اور مؤثر حل کی درخواست کی۔ رجسٹرار پاکستان انجینئرنگ کونسل نے وفد کو یقین دہانی کرائی کہ جائز مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے تاکہ بلوچستان کے کنٹریکٹرز کو درپیش مشکلات کا ازالہ ہوسکے۔

بقیہ 28

زاویے و امکانات تلاش کرنے کی ضرورت کے مطابق بامقصد و نتیجہ خیز روایات میں بدلنا وقت و حالات کا تقاضا ہے ورنہ نوجوانوں و خواتین سمیت تمام طبقات و افراد کی زندگیاں درندوں کی گرفت میں محصور ہی رہتے ہیں جو صدیوں پہلے قائم کمزور و ناتواں قبائلی نظام کی نشاندہی کرتا ہے عبدالمتین اخوندزادہ نے کہا کہ خضدار واقعہ، دراصل عورت کی توہین آمیز قبائلی سوچ و فکر کی عکاسی کرتا ہے جس سے مسلسل و مربوط انداز میں عورت جیسے مقدس ذات مبارکہ جو تخلیق انسانی کے شکل میں خالق حقیقی کے براہ راست نشانی ہے توہین و تذلیل ہورہا ہے یہ ایک اسما بلوچ نہیں ہے بلکہ قبائلی و مذہبی جمود و تعطل کے باعث معاشرتی و سماجی شعور کی بیداری اور انسانی نفسیات و ذہانت کے ادراک و احساس و دردمندی سب کچھ مفقود ہوچکے ہیں اس لئے کہ عورت کو انسان نہیں سمجھا جارہا ہے فرسودہ روایات کے مطابق بامقصد و نتیجہ خیز پالیسیاں و روایات وضع کرنے کے بجائے عام آدمی کی زندگی اجیرن کرنے کے لئے قبائلی نظام انصاف کے ضابطے و قاعدے کے نام پر بچیوں و عورتوں کے زندگیوں میں ضرورت و افادیت سے انکاری ہیں جس کے لئے جدید شعوری ارتقا کے ساتھ مل کر قوانین و ضوابط تشکیل دینے کی ضرورت میں عبدالمتین اخوندزادہ نے کہا کہ یہ تلخ حقیقت ہے کہ بلوچ سماج میں باقی ماندہ پاکستانی سماج سے زیادہ زنجیرے قوانین و ضوابط موجود ہیں اس لئے ضروری ہے کہ بلوچ سماج میں عورت کے کردار و اقدامات اٹھانے کا راستہ ہموار کیا جائے اور اس کی عزت واحترام کے ساتھ ساتھ اسے جینے کا حق دیا جائے اور اس کے فیصلے میں اختیار و اعتبار دیا جائے قرآن اکیڈمی مجلس فکرو دانش کے تجزیے و تبصرے میں کہا گیا ہے کہ یہ انتہائی خوش آئند امر تھا کہ خضدار واقعے نے پچھلے سالوں میں قبائلی تصادم کے بجائے جمہوری و مزاحمتی احتجاج کا راستہ اختیار کیا تھا لیکن اب تشویشناک صورتحال ہے کہ قبائلی سماج کے ساتھ عدلیہ و انتظامیہ بروقت اپنا کردار ادا نہیں کرسکے اس لئے ہم بحیثیت مجموعی پورا معاشرہ و قانون مظلوم خاندان کے ساتھ جبر و اکراہ میں اضافے کے سبب ختم نہیں کرسکے اور آج ایک بزرگ والد و محترم استاد کا قتل ناحق ہوا اور جبر و استبداد کا سلسلہ روکنے کا کام ختم نہیں ہوا ہے قرآن اکیڈمی و مجلس فکر و دانش علمی و فکری مکالمے کے اعلامیے میں کہا گیا کہ حکومتی اداروں و محکموں کی ذمہ داری ہیں کہ نئے زاویے و امکانات تلاش کرنے کے لئے ضروری کردار ادا کریں اور خواتین و بچیوں کی حفاظت زندگی کے لئے ضروری قوانین و ضوابط تشکیل و تعبیر نو کے لئے قرآنی اور سیرت مطہرہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روشنی میں قبائلی نظام انصاف و عوامی برابری کے حقوق کا جائزہ لیا جائے جبکہ مجلس فکر و دانش بطور ایک آزاد و تھنک ٹینک ویمن ایمپاورمنٹ کونسل (ڈبلیو ای سی) مسلسل و مربوط انداز میں خواتین اور بچیوں کی ارمانوں کی تشکیل و تعبیر نو کے لئے ضروری کردار و اقدامات اٹھانے کی خصوصی کاوش میں مصروف عمل ہے۔

بقیہ 29

گئے۔ پولیس کے مطابق واقعہ رات گئے پیش آیا، جب نامعلوم مسلح افراد نے چیک پوسٹ پر حملہ کرکے فائرنگ کی۔ حملے کے بعد ملزمان فرار ہوگئے۔ شہید پولیس اہلکار حافظ عبدالرشید ابڑو کی نماز جنازہ پولیس لائن سبی میں سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کردی گئی۔ واقعے کے بعد پولیس اور سیکیورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کردیا ہے جبکہ حملہ آوروں کی تلاش جاری ہے۔ دوسری جانب گزشتہ شب نامعلوم مسلح افراد نے ایک کارگو گاڑی کو سامان اور عملے سمیت اغوا کرلیا۔ پولیس اور سیکیورٹی اداروں کی جانب سے مغوی گاڑی اور عملے کی تلاش جاری ہے جبکہ واقعے کی تحقیقات بھی شروع کردی گئی ہیں۔

بقیہ 30

ہوئی ہے۔ انتہائی افسوسناک امر یہ ہے کہ منصوبے کا ٹھیکیدار تعمیراتی کام ادھورا چھوڑ کر غائب ہوچکا ہے، جبکہ متعلقہ سرکاری ادارے خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں۔ اس مجرمانہ غفلت کا خمیازہ علاقے کے ہزاروں شہری روزانہ کی بنیاد پر بھگت رہے ہیں، جنہیں آمد و رفت، تعلیم، صحت اور کاروباری سرگرمیوں کے سلسلے میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ یہ منصوبہ 2012 سے تعطل کا شکار ہے، جو متعلقہ حکام کی نااہلی، عدم دلچسپی، ناقص منصوبہ بندی اور کمزور نگرانی کا واضح ثبوت ہے۔ اس شاہراہ کی تکمیل سے قلعہ سیف اللہ کے موجودہ راستے کے مقابلے میں تقریباً پچپن کلومیٹر فاصلہ کم ہوجائے گا، جس سے عوام کے قیمتی وقت، ایندھن اور سفری اخراجات میں نمایاں کمی واقع ہوگی۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے کہا کہ مذکورہ سڑک کی تعمیر محض ایک ترقیاتی منصوبہ نہیں بلکہ پورے علاقے کی معاشی، تجارتی، تعلیمی اور سماجی ترقی کی بنیادی ضرورت ہے۔ اس شاہراہ کی تکمیل سے ہزاروں شہریوں کو تعلیمی اداروں، ہسپتالوں، منڈیوں اور دیگر بنیادی سہولیات تک آسان رسائی حاصل ہوگی، جبکہ مقامی تجارت، زراعت، کاروبار اور روزگار کے مواقع میں بھی خاطر خواہ اضافہ ہوگا۔ بیان میں کہا گیا کہ بدقسمتی سے بلوچستان میں بیشتر ترقیاتی منصوبے سیاسی مداخلت، کرپشن، ناقص منصوبہ بندی، کمزور نگرانی اور انتظامی غفلت کے باعث برسوں سے نامکمل پڑے ہیں، جس کے نتیجے میں نہ صرف قومی وسائل ضائع ہورہے ہیں بلکہ عوام بنیادی سہولیات سے بھی محروم ہیں۔ حکومت کی عدم توجہی اور غیر سنجیدہ طرز عمل نے عوام میں شدید بے چینی اور احساس محرومی کو جنم دیا ہے۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے محکمہ مواصلات وتعمیرات (سی اینڈ ڈبلیو) کے اعلیٰ حکام، متعلقہ وزیر، سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو اور حکومت بلوچستان سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ وہ خانوزئی تا سپیرہ راغہ روڈ منصوبے کا فوری نوٹس لیں، تعمیراتی کام بند کرنے کے ذمہ دار ٹھیکیدار اور متعلقہ افسران کے خلاف قانونی اور محکمانہ کارروائی عمل میں لائیں، منصوبے کے لیے درکار فنڈز کی فوری فراہمی کو یقینی بنائیں اور سڑک کی تعمیر کا کام بلاتاخیر دوبارہ شروع کرکے اسے جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو درپیش مشکلات کا خاتمہ ممکن ہوسکے۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ خانوزئی، سپیرہ راغہ اور گرد و نواح کے عوام گزشتہ کئی برسوں سے اس اہم شاہراہ کی تکمیل کے منتظر ہیں، مگر حکومتی عدم توجہی نے عوامی مسائل میں مزید اضافہ کردیا ہے۔ علاقے کے طلبہ، مریض، تاجروں، کسانوں اور سرکاری ملازمین کو روزانہ کی بنیاد پر دشوار گزار راستوں اور اضافی اخراجات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، جس کے باعث ان کی معاشی اور سماجی زندگی بری طرح متاثر ہورہی ہے۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے واضح کیا کہ اگر اس اہم عوامی منصوبے پر فوری اور عملی پیش رفت نہ کی گئی تو پارٹی متاثرہ عوام کے ساتھ مل کر ہر جمہوری، آئینی اور قانونی فورم پر بھرپور آواز اٹھائے گی اور عوامی حقوق کے حصول کے لیے مؤثر احتجاجی لائحہ عمل اختیار کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔

بقیہ 31

دارالحسن سریاب پولیس کے ایس ایچ او نے کارروائی کرتے ہوئے اشتہاری ملزم مولوی منیر اور نامزد ملزم ارسلان کو گرفتار کرلیا۔ 6 افغان باشندوں اور 12 نشئی افراد کو حراست میں لے لیا۔ بغیر نمبر پلیٹ کے 16 موٹر سائیکلیں، 6 گاڑیوں سے کالے شیشے اتارے اور تمام ملزمان کے خلاف الگ الگ کارروائی شروع کردی۔

بقیہ 32

میں تاخیر کررہی ہے۔ مختلف کمیٹیوں کے سامنے پیش ہونے اور تمام متعلقہ دستاویزات فراہم کرنے کے باوجود کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہٰذا، درخواست گزار نے انصاف کے حصول کے لیے وفاقی محتسب کوئٹہ کے دفتر میں درخواست جمع کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کرکے کیس کی فوری سماعت شروع کردی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہٰذا وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کا شناختی کارڈ فوری طور پر جاری کیا جائے۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کا شناختی کارڈ جاری کردیا۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 33

نے خطاب کرتے ہوئے صوبے بالخصوص ضلع پشین کی موجودہ سنگین صورتحال، امن وامان کی خراب حالت، معاشی مشکلات، بے روزگاری، مہنگائی، بدامنی اور روزمرہ کی زندگی میں عوام کو درپیش مسائل پر سخت تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ پشتونخوا میپ کے چیئرمین ملی مشر محمود خان اچکزئی کی جانب سے اگست کوئٹہ میں منعقد ہونے والا جرگہ کا خیر مقدم کرتے ہیں اس جرگہ کے ہمارے عوام اور وطن پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔ انہوں نے پارٹی کارکنوں کو ہدایت کی کہ وہ ضلع پشین میں عوام کی خدمت کو جاری رکھتے ہوئے اپنے تنظیمی فعالیت کو بھی تیز کرے۔ انہوں نے کہا کہ پشین اور اس کے گرد و نواح کے علاقوں میں امن و امان کی صورتحال تشویش کا باعث ہے۔ بدامنی کے بڑھتے ہوئے واقعات نے لوگوں کے دلوں میں خوف پیدا کردیا ہے۔ شہری اپنے گھروں، بازاروں اور سفر کے دوران خود کو محفوظ تصور نہیں کرتے۔ عوام کے جان و مال کا تحفظ ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ اگر شہری اپنی جان، عزت اور مال کے بارے میں غیر محفوظ محسوس کریں تو یہ حکومتی کارکردگی پر ایک اہم سوالیہ نشان ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک اور سنگین مسئلہ پانی کی مسلسل گرتی ہوئی سطح ہے۔ زیرزمین پانی کی کمی نے زراعت، مویشی پالنے اور روزمرہ زندگی کو شدید متاثر کررہا ہے۔ اگر بروقت مؤثر منصوبہ بندی نہ کی گئی تو آنے والے برسوں میں پانی کا بحران مزید سنگین ہوسکتا ہے۔ اس کے لیے آبی ذخائر، بارش کے پانی کو محفوظ بنانے کیلئے ڈیمز کی تعمیر لازمی ہے۔ اور عوام نے بھی پانی کا استعمال انتہائی احتیاط سے کرنا ہوگا۔

بقیہ 34

ے بنانا نہیں بلکہ آئین پر مکمل عمل درآمد، پارلیمنٹ کی بالادستی، قومیتوں کے وجود و خودمختاری کا احترام، وسائل کی منصفانہ تقسیم، اظہار رائے کی آزادی، آزاد اور غیر جانبدار عدلیہ، الیکشن کمیشن، اور بااختیار مقامی حکومتوں کا قیام یقینی بنانا ہے۔ یہی وہ بنیادی تقاضے ہیں جن پر عمل درآمد سے عوامی ترقی ممکن اور جمہوریت مستحکم ہوسکتی ہے۔ مرکزی ترجمان نے کہا کہ پاکستان کا سیاسی نظام جمہوری اور پارلیمانی اصولوں پر استوار ہے، اور اسی نظام کو حقیقی معنوں میں آئین کے مطابق چلانے سے ملک میں سیاسی استحکام، قومی ہم آہنگی اور پائیدار تعمیر و ترقی کی راہ ہموار ہوسکتی ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ نیشنل پارٹی ایسے ہر اقدام کو مسترد کرتی ہے جو قومی اکائیوں کے تاریخی وجود، قومی شناخت و حیثیت کو متاثر کرنے کا باعث بنے۔ نیشنل پارٹی سمجھتی ہے کہ مضبوط وفاق کی بنیاد قومی اکائیوں کے حقوق، شناخت اور خودمختاری کے احترام میں مضمر ہے۔

بقیہ 35

ر پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد نے وزیر صحت کو ڈاکٹروں کو درپیش انتظامی، پیشہ ورانہ اور سروس سے متعلق مسائل سے آگاہ کیا اور ان کے فوری اور دیرپا حل کے لیے پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کی سفارشات پیش کیں۔ وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے وفد کو یقین دہانی کرائی کہ حالیہ عرصے میں معطل کیے گئے تمام ڈاکٹروں کو آئندہ دو سے تین دن کے اندر ان کی سابقہ جائے تعیناتی پر بحال کردیا جائے گا تاکہ طبی خدمات کا تسلسل برقرار رہے اور ڈاکٹروں میں پائی جانے والی بے چینی کا خاتمہ ہو۔ وزیر صحت نے مزید یقین دہانی کرائی کہ صوبائی حکومت کی جانب سے تیار کیے جانے والے ہیلتھ سیکورٹی ایکٹ میں پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن (PMA) کو بطور اہم اسٹیک ہولڈر شامل کیا جائے گا تاکہ قانون سازی کے عمل میں ڈاکٹرز برادری کی پیشہ ورانہ آراء، تجربات اور تجاویز کو مؤثر انداز میں شامل کیا جاسکے۔ ملاقات کے دوران وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے یہ بھی اعلان کیا کہ Semi-Autonomous Act کو جلد از جلد صوبے کے ٹرشری کیئر ہسپتالوں، بالخصوص بولان میڈیکل ہسپتال اور پراونشل سنڈیمن سول ہسپتال میں نافذ کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس ایکٹ کے تحت تشکیل دی جانے والی گورننگ باڈی ہسپتالوں کے انتظامی، مالی اور پالیسی امور کی نگرانی کرے گی۔ مستقبل میں بھرتیوں (Recruitment)، تقرریوں (Appointments)، انسانی وسائل کے انتظام، ادارہ جاتی اصلاحات اور دیگر انتظامی معاملات اسی گورننگ باڈی کے ذریعے انجام دیے جائیں گے تاکہ ہسپتالوں کو سیاسی اور غیر ضروری انتظامی مداخلت سے محفوظ رکھتے ہوئے مؤثر، شفاف اور جوابدہ نظام قائم کیا جاسکے۔ وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے اس بات کا بھی اعادہ کیا کہ ڈاکٹروں کے تمام جائز مطالبات اور پیشہ ورانہ مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا

بقیہ 36

جانب سے دی گئی کال کے مطابق ملک بھر میں ہڑتال کی جائے گی۔ تمام متعلقہ حضرات سے اپیل ہے کہ اتحاد و یکجہتی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اس ہڑتال میں مکمل تعاون کریں۔ یہ ہڑتال غیر معینہ مدت تک جاری رہے گی اور اس وقت تک برقرار رہے گی جب تک حکومت ٹرانسپورٹر برادری کے پیش کردہ چارٹر آف ڈیمانڈ میں شامل جائز مطالبات پر عملدرآمد نہیں کرتی۔ یاد رہے کہ بروز ہفتہ، 08 اگست 2026 کو پورے ملک میں مکمل پہیہ جام ہڑتال ہوگی۔ تمام ٹرک، ٹریلر، مزدا اور دیگر مال بردار گاڑیاں بند رہیں گی، لہٰذا تمام ٹرانسپورٹرز اور کمپنی مالکان سے گزارش ہے کہ وہ مکمل تعاون کریں اور صرف تنظیم کی جانب سے جاری کردہ سرکاری ہدایات پر عمل کریں۔

بقیہ 37

کلا برادری کا کردار ناقابل فراموش ہے سانحہ کوئٹہ میں شہید ہونے والے وکلا کا خون کبھی رائیگاں نہیں جائے گا۔ مسلم لیگ (ن) (بلوچستان کے رابطہ آفس سے سانحہ 8 اگست کے شہدا کی 10 برسی کے موقع پر جاری ہونے والے ایک بیان میں چوہدری نعیم کریم نے کہا کہ وکلا برادری کو دہشتگردی کا نشانہ بنانا قانون کا قتل تھا اور یہ صورتحال کسی المیہ سے کم نہیں کہ گذشتہ دس، 15 برس کے دوران پیشہ ورانہ فرائض کی ادائیگی کرتے ہوئے سینکڑوں وکلا، صحافی، پولیس کے جوان اور کیمرہ مین لقمہ اجل بن چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سانحہ 8 اگست کو بلوچستان کو جو نقصان پہنچا اسکی تلافی ناممکن ہے۔ 8 اگست کے شہدا ایک خاندان یا ایک قوم کا اثاثہ نہیں بلکہ وہ پوری قوم کے چشم و چراغ تھے۔ اللہ پاک تمام شہدا کے درجات بلند فرمائے اور ہمارے ملک پاکستان کو دشمن کی بری نظر اور ہر قسم کے فتنے سے محفوظ رکھے آمین۔

بقیہ 38

کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی متاثرہ خاندان سے مسلسل رابطے میں ہیں جبکہ محکمہ داخلہ بھی اس معاملے پر پوری طرح متحرک ہے۔ حکومت بلوچستان اسما جنگ کے خاندان کو انصاف کی فراہمی کے لیے تمام ممکنہ اقدامات یقینی بنارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان انسانی حقوق، خواتین اور بچوں کے تحفظ کے حوالے سے اپنی ذمہ داریوں سے بخوبی آگاہ ہے اور کسی بھی متاثرہ شہری کو انصاف کے حصول میں تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔ اسما جنگ کیس میں قانون کے تقاضوں کے مطابق شفاف اور مؤثر کارروائی کو یقینی بنایا جائے گا۔ مشیر ویمن ڈویلپمنٹ نے کہا کہ خواتین اور بچوں کے خلاف کسی بھی قسم کے ظلم، تشدد یا ناانصافی کو برداشت نہیں کیا جاسکتا۔ معاشرے کے تمام طبقات کو ایسے حساس معاملات میں ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے متاثرین کی آواز بننا چاہیے اور انہیں انصاف کی فراہمی کے لیے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ اسما جنگ کو ضرور انصاف ملے گا، حکومت بلوچستان اس معاملے پر سنجیدہ ہے اور متاثرہ خاندان کے ساتھ کھڑی ہے۔

حکومت بلوچستان اسما جنگ کے خاندان کو انصاف کی فراہمی کے لیے تمام ممکنہ اقدامات یقینی بنا رہی ہے

اسما جنگ کیس انسانی حقوق سے متعلق سنجیدہ اور قابل تشویش معاملہ ہے، ربابہ بلیدی

انصاف کی فراہمی ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے اس کیس میں قانون و انصاف کے تقاضوں کو ہر صورت مقدم رکھا جائیگا

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ اسما جنگ کیس انسانی حقوق سے متعلق ایک سنجیدہ اور قابل تشویش معاملہ ہے، جسے کسی بھی سطح پر معمولی یا نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ بلوچستان کی متاثرہ بچی انصاف کی متلاشی ہے اور ہر ذی شعور فرد کو ہر قسم کی مصلحت سے بالاتر ہوکر حق اور انصاف کا ساتھ دینا ہوگا۔ اپنے ایک جاری بیان میں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا(باقی صفحہ 3 نمبر38)

اسلام آباد: چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سینیٹ کے نئے تعمیر شدہ اور تزئین و آرائش شدہ دفاتر کا فیتہ کاٹ کر افتتاح کررہے ہیں

علما کرام نے تعلیم، دعوت، فلاح و بہبود اور معاشرتی خدمت کے میدان میں جو گراں قدر خدمات انجام دی ہیں، وہ قومی تاریخ کا روشن باب ہیں

علما کے خلاف بے بنیاد الزامات اور انہیں بدنام کرنے کی کوششیں کسی صورت قابل قبول نہیں

دینی قیادت کی لازوال جدوجہد، قربانیوں اور مسلسل فکری و سیاسی جدوجہد کے نتیجے میں پاکستان کی نظریاتی اساس اور اسلامی تشخص محفوظ ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمیعت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس اور سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد نے کہا ہے کہ اکابر علما کرام اور دینی قیادت کی لازوال جدوجہد، قربانیوں اور مسلسل فکری و سیاسی جدوجہد کے نتیجے میں پاکستان کی نظریاتی اساس اور اسلامی تشخص آج بھی محفوظ ہے۔ ملک کے اسلامی تشخص اور نظریاتی شناخت کو کمزور کرنے کی ہر کوشش(باقی صفحہ 3 نمبر1)

بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے اہم اعلامیہ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے اہم اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ تمام ٹرک مالکان، ٹرانسپورٹرز، ڈرائیور حضرات اور کمپنی مالکان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بروز ہفتہ، 08 اگست 2026 کو آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اور یونائیٹڈ گڈز ٹرانسپورٹ الائنس کی(باقی صفحہ 3 نمبر36)

شہری سانحہ 8 اگست 2016 کو پوری زندگی بھلا نہ پائیں گے، چوہدری نعیم کریم

ہمارے ملک پاکستان کو دشمن کی بری نظر اور ہر قسم کے فتنے سے محفوظ رکھے آمین

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر مرکزی رہنما چوہدری نعیم کریم نے سانحہ 8 اگست کے شہدا کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ کوئٹہ کے شہری سانحہ 8 اگست 2016 کو پوری زندگی بھلا نہ پائیں گے اس سانحہ میں ہماری ایک پڑھی لکھی پوری نسل کو ہم سے چھین لیا سانحہ 8 اگست کے شہدا نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرکے ملک کی پاسداری کے لئے جو مثال قائم کی ہے اسے کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا، پاکستان کے استحکام، قانون کی بالا دستی، جمہوریت کے تحفظ و بحالی اور دہشت گردی کے خلاف جدوجہد میں و(باقی صفحہ 3 نمبر37)

ہماری تحریک مظلوموں اور تمام اقوام کیلئے جدوجہد کررہی ہے، صادق اچکزئی

مظلوم عوامی تحریک پاکستان بلوچستان میں بلوچ اور پشتون عوام کیلئے امید کی کرن ہے

صوبے میں بدامنی کے خاتمے کے لئے مشر صادق خان اچکزئی کے ہاتھ مضبوط کریں

کوئٹہ (آن لائن) مظلوم عوامی تحریک پاکستان کے مرکزی چیئرمین مشر صادق خان اچکزئی نے کہا ہے کہ ہماری تحریک مظلوموں اور تمام اقوام کے لئے جدوجہد کررہی ہے۔ ہم بلا رنگ و نسل خدمت پر یقین رکھتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے رابطہ مہم کے سلسلے میں حلقہ پی بی 41 میں کاسی قلعہ میں کاسی قوم کے معتبرین سے خطاب کرتے ہوئے(باقی صفحہ 3 نمبر2)

حب جماعت اسلامی کی مرکزی کال پر اضافی پیٹرولیم لیوی بیروزگاری اور مہنگائی کے خلاف احتجاجی دھرنا

حب(آن لائن) حب جماعت اسلامی کی مرکزی کال پر اضافی پیٹرولیم لیوی ملک بھر میں جاری بیروزگاری اور مہنگائی کے خلاف حب کے جماعت اسلامی سینئر رہنماؤں اور کارکنوں نے حب شہر کے بھوانی کے مقام پر مظاہرین نے احتجاجی دھرنا دے دیا جماعت اسلامی(باقی صفحہ 3 نمبر3)

کمشنر نصیرآباد صلاح الدین نورزئی کی زیر صدارت اجلاس

اجلاس میں جشنِ آزادی کی تیاریوں کے حوالے سے جائزہ لیا گیا

نصیرآباد (خ ن) کمشنر نصیرآباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی زیر صدارت جشنِ آزادی کی تیاریوں کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈی آئی جی نصیرآباد رینج کامران نواز، ایس ایس پی نصیرآباد اسد ناصر، اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ احمد نواز جنگ، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (توسیع) ظہیر احمد عمرانی، چیف آفیسر میونسپل کمیٹی سلیم خان ڈومکی، ڈویژنل ڈائریکٹر اسکولز محمد عظیم ساجدی، ڈپٹی ڈائریکٹر اسپورٹس فیروز علی ابڑو، ڈسٹرکٹ فاریسٹ آفیسر نعیم جان لہڑی اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے موقع پر کمشنر صلاح الدین نورزئی نے ہدایات جاری کیں

گورننگ باڈی ہسپتالوں کے انتظامی، مالی اور پالیسی امور کی نگرانی کریگی، بخت کاکڑ

ہیلتھ سیکورٹی ایکٹ میں پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن (PMA) کو بطور اہم اسٹیک ہولڈر شامل کیا جائے گا، صوبائی وزیر صحت

حالیہ عرصے میں معطل کیے گئے تمام ڈاکٹروں کو آئندہ دو سے تین دن کے اندر ان کی سابقہ جائے تعیناتی پر بحال کر دیا جائے گا

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کوئٹہ برانچ کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے جمعہ کو صدر پی ایم اے کوئٹہ برانچ ڈاکٹر نادر خان اچکزئی کی قیادت میں وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات میں صوبے میں شعبہ صحت کو درپیش چیلنجز، ڈاکٹروں کے مسائل، تدریسی و ٹرشری کیئر ہسپتالوں کی انتظامی صورتحال اور عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی سے متعلق مختلف امو(باقی صفحہ 3 نمبر35)

ڈسٹرکٹ چیئرمین گوادر کا فشریز آفس گوادر کا دورہ

ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق بلاامتیاز کارروائی کو مزید موثر بنایا جائے

گوادر(خ ن) ڈسٹرکٹ چیئرمین گوادر شے مختار احمد نے فشریز آفس گوادر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ڈائریکٹر فشریز احمد ندیم سے ملاقات کی اس موقع پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز شاہ فہد بھی موجود تھے۔ ملاقات میں ضلع گوادر میں ماہی گیری کے شعبے کی ترقی، مقامی ما(باقی صفحہ 3 نمبر4)

پشتونخوا نیپ کا سپیرہ راغہ روڈ منصوبے میں متعلقہ اداروں کی ناقص کارکردگی پر شدید تشویش

ان ضمنی بلدیاتی انتخابات میں مجموعی طور پر 28 امیدوار حصہ لے رہے ہیں، صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان

ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر امیدواروں اور سیاسی جماعتوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائیگی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے 6 اضلاع کی 10 لوکل کونسلز کی خالی نشستوں پر دوسرے مرحلے کے ضمنی بلدیاتی انتخابات کے سلسلے میں آج انتخابی مہم کا آخری دن ہے۔ الیکشنز ایکٹ 2017 کی دفعہ 182 کے مطابق پولنگ سے 48 گھنٹے قبل تمام انتخابی سرگرمیاں ختم کرنا لازم ہے، لہٰذا آج رات 12 بجے کے بعد متعلقہ کونسلز میں کسی جلسے، جلوس، کارنر میٹنگ یا اس نوعیت کی کسی بھی سیاسی سرگرمی کا انعقاد ممنوع ہے۔(باقی صفحہ 3 نمبر9)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل اور صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو سابق اپوزیشن لیڈر بلوچستان اسمبلی ملک سکندر ایڈووکیٹ کے بھائی ملک حاجی محمد جان کی وفات پر فاتحہ خوانی کررہے ہیں

سیکورٹی ادارے ہزارگنجی میں بدامنی پھیلانے والوں کیخلاف بھرپور ایکشن لے، اختر جان مری

جمعیت ہزارگنجی میں بدامنی کے واقعات پر خاموش نہیں رہ سکتے ہیں، مولانا عبدالبصیر و دیگر

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع کے رہنماؤں نے کہا کہ جمعیت علمائے اسلام ضلع کوہنہ ہزار گنجی میں امن و امان کے مخدوش صورتحال پر گہرے تشویش کا اظہار کرتی ہے اور سیکورٹی اداروں سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ ہزار گنجی میں قیام امن کے لیے ٹھوس اقدامات اٹھائے چور ڈاکو دن دھاڑے عوام کو لوٹ رہے ہیں ان کا اظہار جمعیت علمائے اسلام(باقی صفحہ 3 نمبر8)

تحفظ ماحولیات گوادر کے مختلف ماحول دوست منصوبوں پر عملدرآمد کررہی ہے، طارق بلوچ

گوادر (خ ن) اسسٹنٹ ڈائریکٹر تحفظ ماحولیات طارق بلوچ نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان کے عوام دوست وژن اور پا(باقی صفحہ 3 نمبر5)

اے سی موسیٰ خیل کی زیر صدارت پی پی ایچ آئی کی کارکردگی رپورٹ جائزہ اجلاس

موسیٰ خیل(خ ن) اسسٹنٹ کمشنر موسیٰ خیل نجیب اللہ کاکڑ کی زیر صدارت پی پی ایچ آئی کی ماہانہ کارکردگی رپورٹ (MRM) جائزہ اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈسٹر(باقی صفحہ 3 نمبر6)

اے ڈی سی گوادر کی زیر صدارت یوم آزادی کی تقریبات کے سلسلے میں اجلاس

سٹی برانڈنگ کے تحت 200 اسٹریمرز اور 4 بڑے پینا فلیکس بل بورڈز نصب کریں گے

گوادر (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر عبدالشکور کی زیر صدارت یوم آزادی 14 اگست 2026 کی تقریبات کے سلسلے میں ایک اجلاس منعقد ہوا، جس میں قومی دن کی تقریبات کو شایان شان انداز میں منانے کے لیے مختلف سرکاری محکموں کو خصوصی ذمہ داریاں تفویض کی گئیں اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر گوادر رومیل بہرام جان سمیت ضلعی افسران اور متعلقہ(باقی صفحہ 3 نمبر7)

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار زاہدہ کا شناختی کارڈ دلوا دیا گیا

کوئٹہ(خ ن) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار زاہدہ کا شناختی کارڈ دلوا دیا گیا۔ درخواست گزار زاہدہ نے بتایا کہ انہوں نے اپنے CNIC کے اجراء کے لیے درخواست دی، لیکن متعلقہ محکمہ CNIC کے اجرا(باقی صفحہ 3 نمبر32)

عوامی فلاح کے منصوبوں میں بین الاداروں تعاون نہایت اہم ہے، کمشنر مکران

قادر بخش پرکانی نے ٹیچنگ ہسپتال تربت میں 40 سولر اسٹریٹ لائٹس کا افتتاح کیا

تربت (خ ن) کمشنر مکران ڈویژن نے ٹیچنگ ہسپتال تربت میں 40 سولر اسٹریٹ لائٹس کا افتتاح کیا، اس دوران مختلف شعبوں کا معائنہ کیا اور طبی سہولیات کی بہتری پر بھی زور دیا۔ اس موقع پر کمشنر مکران ڈویژن قادر بخش پرکانی نے میرانی ہاسنگ اسکیم کے کارپوریٹ سوشل ریسپانسبلٹی (CSR) فنڈ کے تحت ٹیچنگ ہسپتال تربت میں نصب کی جانے والی(باقی صفحہ 3 نمبر10)

سریاب اور سیٹلائٹ ٹاؤن پولیس مختلف کارروائیاں

افغان باشندوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 4 ملزمان کو گرفتار

احمد اللہ کے قبضے سے 1110 گرام چرس جبکہ صبغت اللہ سے ایک پسٹل بمعہ راؤنڈ برآمد کرلئے

کوئٹہ (آن لائن) سریاب اور سیٹلائٹ ٹاؤن پولیس مختلف کارروائیوں کے دوران منشیات فروشوں، غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں نامزد اشتہاری کرایہ داری ایکٹ اور افغان باشندوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 4 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے منشیات، اسلحہ ایمونیشن برآمد کرلیا جبکہ 6 افغان باشندوں، 12 نشے کے افراد کو حراست میں لیا۔ 16 بغیر نمبر پلیٹ کے موٹر سائیکلیں، 6 گاڑیوں سے کالے شیشے اتارے ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر سیٹلائٹ ٹاؤن پولیس نے احمد اللہ کے قبضے سے 1110 گرام چرس جبکہ صبغت اللہ سے ایک پسٹل بمعہ راؤنڈ برآمد کرلئے۔ شہید محمو(باقی صفحہ 3 نمبر31)

بولان میں چیک پوسٹ پر دہشت گردوں کی فائرنگ، پولیس کانسٹیبل شہید

بولان (آن لائن) بولان میں دہشت گردوں نے بالاناڑی قومی شاہراہ پر واقع دوسہ کراس چیک پوسٹ کو نشانہ بنایا، فائرنگ کے نتیجے میں پولیس کانسٹیبل حافظ عبدالرشید ابڑو شہید ہو(باقی صفحہ 3 نمبر29)

قبائلی و مذہبی جمود کے باعث حالات و واقعات ناقابل برداشت ہوچکے ہیں، قرآن اکیڈمی و مجلس فکر و دانش

اکیسویں صدی کے اندر خواتین و بچیوں کو غلام در غلام رکھنا قرآنی احکام و انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے

کوئٹہ (آن لائن) قرآن اکیڈمی حکومت بلوچستان کے ڈائریکٹر و مجلس فکر و دانش علمی و فکری مکالمے کے سربراہ عبدالمتین اخونزادہ نے سال گزشتہ خضدار واقعے وآ سا بلوچ کی دردناک اغوا کے بعد ان کے بزرگ والد محترم کے المناک قتل پر گہرے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دراصل اس واقعے نے بلوچ سماج میں سماجی شعور اور آگاہی و احساس دردمندی کے معیار کو ہلا کر رکھ دیا ہے جمود زدہ ذہنیت بدلنے اور قبائلی و سماجی اقدار میں ٹیکنالوجی وڈویلپمنٹ کے نئے(باقی صفحہ 3 نمبر28)

بلوچستان ڈیری فارمز ایسوسی ایشن نے 200 روپے فی کلو ہول سیل دودھ کے ریٹ کو مسترد کردیا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ڈیری فارمز ایسوسی ایشن کے صدر الطاف حسین گجر نے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے 200 روپے فی کلو ہول سیل دودھ کے ریٹ کو مسترد کرتے(باقی صفحہ 3 نمبر26)

جائز مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے، ملک مجیب مہترزئی

کوئٹہ (آن لائن) آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری ملک مجیب مہترزئی کی قیادت میں ایک وفد نے پاکستان انجینئرز کونسل کے رجسٹرار سے جمعہ کو اسلام آباد میں اکے دفتر میں ملاقات کی۔ وفد میں آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے نائب صدر سراج کاکڑ اور دیگر شامل تھے۔ ملاقات کے دوران بلوچستان کے ٹھیکیداروں کو درپیش مختلف مسائل، بالخصوص پاکستان انجینئرنگ کونسل سے متعلق امور، لائسنسوں کی تجدید،(باقی صفحہ 3 نمبر27)

خانوزئی سے سپیرہ راغہ جانے والی سڑک، جو لورالائی جانے کیلئے کم فاصلے کا راستہ ہے، گزشتہ کئی برسوں سے نامکمل پڑی ہوئی ہے

6 اضلاع کی لوکل کونسلز کی خالی نشستوں پر انتخابات کیلئے انتخابی مہم کا آخری دن

سڑک کی تعمیر محض ایک ترقیاتی منصوبہ نہیں بلکہ پورے علاقے کی معاشی، تجارتی، تعلیمی اور سماجی ترقی کی بنیادی ضرورت ہے

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کی جانب سے جاری کردہ بیان میں خانوزئی تا سپیرہ راغہ روڈ کی تعمیر میں طویل تاخیر، اس ترقیاتی منصوبے میں بدترین غفلت اور متعلقہ اداروں کی ناقص کارکردگی پر شدید تشویش اور افسوس کا اظہار کیا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ خانوزئی سے سپیرہ راغہ جانے والی سڑک، جو لورالائی جانے کیلئے کم فاصلے کا راستہ ہے، گزشتہ کئی برسوں سے نامکمل پڑی(باقی صفحہ 3 نمبر30)

موسیٰ خیل: اسسٹنٹ کمشنر نجیب اللہ کاکڑ کے پی آئی ایچ کے ماہانہ کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

کوہلو: محکمہ لوکل گورنمنٹ منصوبوں پر تیزی سے پیش رفت، شہری انفراسٹرکچر میں نمایاں بہتری

کوہلو(آن لائن) حکومت بلوچستان، ضلعی انتظامیہ کوہلو، ایف سی میوند بریگیڈ اور محکمہ لوکل گورنمنٹ کے باہمی تعاون سے پی محکمہ لوکل منصوبوں پر تیز رفتاری سے کام جاری ہے، جبکہ متعدد عوامی فلاح و بہبود کے منصوبے کامیابی سے مکمل کیے جا چکے ہیں۔ اسی سلسلے میں چرچ سے بینک چو(باقی صفحہ 3 نمبر21)

کوئٹہ، صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو کے دورے کے موقع پر عوام اور دکانداروں سے مل رہے ہیں

دالبندین میں پولیس اور مبینہ چوروں کے درمیان فائرنگ، مبینہ طور پر ایک بچی زخمی

دالبندین (آن لائن) دالبندین میں پولیس اور مبینہ چوروں کے درمیان فائرنگ، مبینہ طور پر ایک بچی زخمی تفصیلات کے مطابق چاغی کے صدر مقام دالبندین میں خفیہ اطلاع پر پولیس نے چوروں کے خلاف کارروائی کی، جس دوران ملزمان نے پولیس پر فائرنگ کردی۔

تشدد، حملوں اور دھمکیوں کا راستہ اختیار کرنا مہذب معاشرے کیلئے انتہائی نقصان دہ ہے، میر رؤف رند

خیر جان بلوچ کے پھوپھی زاد بھائی کے گھر پر ہونے والے حملے اور محمد ور رند کی شہادت قابل مذمت ہے

کوئٹہ(آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما اور سابق صوبائی وزیر میر عبدالرؤف رند نے آواران میں نیشنل پارٹی کے رکن بلوچستان اسمبلی خیر جان بلوچ کے پھوپھی زا(باقی صفحہ 3 نمبر20)

پولیس کی کاروائی، 3 ملزمان کو گرفتار کرکے 5 موٹر سائیکلیں برآمد کرلیں

ان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرکے کارروائی شروع کردی، پولیس

کوئٹہ (آن لائن) تھانہ عبدالخالق شہید کے عملے نے فائرنگ کے تبادلے کے بعد 3 ملزمان کو گرفتار کرکے 5 موٹر سائیکلیں برآمد کرلیں۔ پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر ڈی ایس پی سریاب سرکل طالب حسین کی نگرانی میں ایس ایچ او تھانہ عبدالخالق شہید اعجاز احمد نے دیگر عملے کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل سنیچنگ کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کو فائرنگ کے تبادلے کے بعد منیر احمد، ور محمد، قیصر خان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے ایک چھینی گئی اور 4 مسروقہ موٹر سائیکلیں بر(باقی صفحہ 3 نمبر22)

علاقوں کے نوجوان تعلیم یافتہ ہیں اور علاقے تعمیر و ترقی چاہتے ہیں، قبائلی معتبرین

جدید دور میں بھی راڑہ شم اور ملحقہ علاقے کے مکین زندگی کی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں

کوئٹہ (آن لائن) سب ڈویژن راڑہ شم واندر پڑ کے قبائلی معتبرین سردار حق نواز بزدار، ملک فتح محمد بزدار نے کہا ہے کہ 21ویں صدی کے جدید دور میں بھی راڑہ شم اور ملحقہ علاقے کے مکین زندگی کی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں ماضی میں اقتدار میں آنے والے نمائندوں نے علاقے کی تعمیر و ترقی اور عوام کو سہولیات کی فراہمی کیلئے کوئی کردار ادا نہیں کیا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے مشکور ہے کہ انہوں نے راڑہ شم کو سب ڈویژن کا درجہ دیا اور ہمیں امید ہے(باقی صفحہ 3 نمبر23)

دالبندین چھتر کے قریب نامعلوم مسلح افراد کارگو بس سامان اور عملے سمیت اغوا کرکے لے گئے

چاغی(آن لائن) دالبندین چھتر کے قریب نامعلوم مسلح افراد کارگو بس سامان اور عملے سمیت اغوا کرکے لے گئے تفصیلات کے مطابق جمعہ کی شب دالبندین کے علاقے چھتر کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے کوئٹہ سے دالبندین آنے والی ایک کارگو بس کو سامان اور عملے سمیت اغوا کرلیا(باقی صفحہ 3 نمبر25)

پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع پشین کے ضلع کمیٹی کا اجلاس

پارٹی چیئرمین محمود خان اچکزئی کی جانب سے اگست کوئٹہ جرگہ کا خیر مقدم کرتے ہیں

پشین(آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع پشین کے ضلع کمیٹی کا اجلاس ضلع سیکرٹری عمرخان ترین کے زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں ضلعی، تحصیلوں کے صدور نے تنظیمی سیاسی رپورٹس پیش کی جس پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے اس کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں تنظیمی سیاسی فعالیت پر تفصیلی بحث و مباحثہ کیا گیا اور فیصلہ کیا گیا کہ ضلع پشین میں پارٹی کو مزید منظم، فعال و وسیع بنا کر عوام کو پارٹی صفوں میں شامل کیا جائیگا اور تمام ذیلی اداروں کے بروقت اجلاسوں کا انعقاد کیا جائیگا۔ اجلاس سے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری سردار امجد خان ترین اور ضلع سیکرٹری عمرخان ترین(باقی صفحہ 3 نمبر33)

لورالائی شہر کو صاف ستھرا، سرسبز اور ماڈل سٹی بنانے کیلئے صفائی کا عمل تسلسل کے ساتھ جاری

لورالائی (خ ن) کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ اور ضلعی انتظامیہ کی ہدایات جبکہ چیف آفیسر میونسپل کمیٹی محب اللہ بلوچ کی خصوصی نگرانی و ہدایت پر لورالائی شہر کو صاف ستھرا، سرسبز اور ماڈل سٹی بنانے کے لیے صفائی کا عمل تسلسل کے ساتھ جاری ہے۔ میونسپل کمیٹی کے(باقی صفحہ 3 نمبر24)

ملک کے موجودہ صوبے محض انتظامی ڈھانچے نہیں، نیشنل پارٹی

بلکہ تاریخی، قومی، ثقافتی اور جغرافیائی شناخت رکھنے والی قومی اکائیاں ہیں

کوئٹہ(آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان نے نئے صوبوں کے قیام سے متعلق جاری بحث کے ردعمل میں کہا ہے کہ ملک کے موجودہ صوبے محض انتظامی ڈھانچے نہیں بلکہ تاریخی، قومی، ثقافتی اور جغرافیائی شناخت رکھنے والی قومی اکائیاں ہیں۔ ماضی میں سامراجی پالیسیوں اور غیر فطری انتظامی تقسیم کے نتیجے میں بہت سے علاقے اپنی اصل قومی وحدتوں سے الگ کیے گئے تھے، اس لیے اب قومی وحدتوں کی تقسیم کسی طور قابل قبول نہیں۔ نیشنل پارٹی نئے صوبوں کے قیام کے نام پر قومی اکائیوں کی مزید تقسیم کو مسترد کرتی ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ ملک کا حقیقی مسئلہ نئے صو(باقی صفحہ 3 نمبر34)

قومی شاہراہوں، اور صوبے کی تمام اضلاع میں بدامنی کے باعث عوام کہیں پر بھی محفوظ نہیں، مولانا عبدالقادر لونی

کشمیر پر رونے کی بجائے بلوچستان کی حالات بہتر کیے جائیں، جمعیت نظریاتی

پورے صوبے میں کہیں بھی حکومت کی رٹ دکھائی نہیں دیتی عوام کی عزتیں مال و جان سب کچھ داؤ پر لگ چکی ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شیخ الدین مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الہدیٰ مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری نجیم خان ایڈووکیٹ مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ مولانا(باقی صفحہ 3 نمبر17)

بیوٹمز یونیورسٹی میں نصیر آباد کے ماحولیاتی مسائل پر مشترکہ تحقیقی مطالعے کے حوالے سے اسلامک ریلیف پاکستان، آئی او ایم کے وفد اور وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد حفیظ کی ملاقات کررہے ہیں

سیاسی عدم استحکام مزید بحرانوں کا باعث بن رہا ہے، پشتونخوامیپ

رہنماؤں نے ملک میں آئین و جمہوریت پائمال، سیاسی ڈائیلاگ لازمی قرار

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ ، پشتونخوامیپ کے چیئرمین اور قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کی کال پر ملک کے مختلف ہیڈ کوارٹرز، اضلاع و علاقوں سمیت کوئٹہ، پشین، چمن، قلعہ عبداللہ خان، قلعہ سیف اللہ، ژوب، شیرانی، موسیٰ(باقی صفحہ 3 نمبر18)

بلوچستان ویمن پارلیمنٹری کاکس کی جانب سے اسما جنگ اور ان کے خاندان سے اظہار یکجہتی

کوئٹہ (آن لائن) ویمن پارلیمنٹری کاکس، بلوچستان صوبائی اسمبلی، اسما جنگ اور ان کے خاندان کو گزشتہ کئی برسوں سے مبینہ طور پر درپیش دھمکیوں، جبری شادی کی کوششوں، اغوا، تشدد اور متعدد حملوں پر گہرے دکھ، افسوس اور شدید تشویش کا اظہار کرتی ہے۔ ویمن کاکس کے اراکین نے کہا کہ حال ہی میں اسما جنگ کے والد، ماسٹر عنایت اللہ جنگ کا بہیمانہ قتل نہ صرف(باقی صفحہ 3 نمبر19)

بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ(خ ن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں برقی(باقی صفحہ 3 نمبر16)

ولی محمد نورزئی اور نوابزادہ زرین مگسی کو صوبائی کابینہ میں اہم وزارت اور کلیدی ذمہ داریاں سونپی جائیں، سید جہانگیر شاہ

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ(ن) بلوچستان کے رہنما سید جہانگیر شاہ نے کہا ہے کہ حاجی ولی محمد نورزئی اور نوابزادہ زر(باقی صفحہ 3 نمبر15)

پولیس جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر کارروائیاں کررہی ہے، ایس پی قائد آباد

پولیس اور عوام نے ملکر ہی اس شہر کی بہتری اور امن کی بحالی کیلئے اپنا کردار ادا کرنا ہے

عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے عوام کے تعاون سے امن کی بحالی ممکن بنارہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) ایس پی قائد آباد ڈویژن علی رضا نے کہا ہے کہ پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے عوام کے تعاون سے امن کی بحالی ممکن بنارہی ہے اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر کارروائیاں کررہی ہے۔ پولیس اور عوام کے درمیان باہمی روابط مضبوط بنانے کے لئے کھلی کچہری کا سلسلہ شروع کیا ہے یہ بات انہوں نے گزشتہ روز ڈپٹی انسپکٹر(باقی صفحہ 3 نمبر12)

ایوا جی الائنس بلوچستان کی اسماء جنگ کے خاندان پر مسلسل حملوں، قتل و غارت اور انصاف کی عدم فراہمی کی شدید مذمت

کوئٹہ (آن لائن) ایوا جی الائنس بلوچستان اسماء جنگ اور ان کے خاندان کے خلاف مبینہ طور پر کئی برسوں سے جاری دھمکیوں، جبری شادی کی کوششوں، اغوا، تشدد اور پے در پے قتل کے واقعات پر شدید دکھ، غم و غصے اور گہری تشویش کا اظہار کرتی ہے۔ حالیہ واقعے میں اسماء جنگ(باقی صفحہ 3 نمبر11)

بلوچ نوجوان ارمان بلوچ کا کالعدم عسکری تنظیم سے لاتعلقی کا اعلان

نوجوانوں سے غیر قانونی سرگرمیوں سے دور رہنے اور ریاست سے وفاداری کی اپیل

اسلام آباد (آن لائن) بلوچستان سے تعلق رکھنے والے ارمان بلوچ نے کالعدم بلوچ لبریشن فرنٹ (بی ایل ایف) اور دیگر عسکری تنظیموں سے لاتعلقی کا اعلان کرتے ہوئے آئندہ کسی بھی غیر قانونی سرگرمی میں ملوث نہ ہونے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے ریاستی اداروں سے معافی کی درخواست کرتے ہوئے بلوچستان کے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ عسکری تنظیموں کے پروپیگنڈے اور جھوٹے وعدوں سے متاثر ہونے کے بجائے قانون کی پاسداری کریں اور ایک ذمہ دار شہری کے طور پر ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔ ارمان بلوچ کے مطابق وہ(باقی صفحہ 3 نمبر13)

دالبندین چھتر کے قریب نامعلوم مسلح افراد کارگو بس سامان اور عملے سمیت اغوا کرکے لے گئے

چاغی(آن لائن) دالبندین چھتر کے قریب نامعلوم مسلح افراد کارگو بس سامان اور عملے سمیت اغوا کر کے لے گئے تفصیلات کے مطابق جمعہ کی شب دالبندین کے علاقے چھتر کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے کوئٹہ سے دالبندین آنے والی ایک کارگو بس کو سامان اور عملے(باقی صفحہ 3 نمبر14)

کوئٹہ، بلوچستان سوشل ریفارمز ادبی سوسائٹی کے زیر اہتمام رشید حسرت کی کتاب آنکھوں میں سوغات کی رونمائی کے موقع پر ڈائریکٹر جنرل خانہ فرہنگ ایران ابوالحسن میری، وائس چیئرمین بلوچستان ریفارمز حاجی اسحاق مینگل، پیٹرن انچیف ڈاکٹر فرحت حسین، رشید حسرت اسٹیج پر بیٹھے ہیں

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون، فیکس: 2824878 موبائل نمبر 03337867133 ای میل twnisb@gmail.com tameerewatan33@gmail.com